ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم

تعلیمی نصاب

جلد اوّل

shrizvi110@gmail.com

ادارہ التنزیل
پاکستان



srhrizvi110@gmail.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں.

ترجمہ ومفاہیم قرآن کریم، جلد اوّل (تعلیمی نصاب)

تالیف: سید ہادی محدث، حمید صفار ہرندی، ابوالفضل علامی

مترجم: محمد باقر رضا

تصحیح: سید علی عباس نقوی

ناشر: ادارہ "التنزیل" پاکستان

طبع: سوم

سال طبع: جمادی الثانی ۱۴۳۱ھ

تعداد: ۳۰۰۰

قیمت: ۲۰۰ روپے

برائے رابطہ:

ابو مصطفیٰ

مکان 299، سٹریٹ 3،76-G/9 اسلام آباد

سید خاور رضا

اسلامک سی ڈی اینڈ بک سینٹر، دوکان نمبر 4، زینت ایونیوز، پاک محرم ہال پرانی نمائش، کراچی

شیخ عمران حیدر

دفتر تنظیم غلامان آل عمران، کوچہ قاضی خانہ اندرون موچی گیٹ، لاہور

فون: 0322-4148057,0331-9778305

ای میل: Idaratanzeel @ gmail.com

ویب سائٹ: www.altanzeel.com

مرکزی دفتر:

ادارہ التنزیل، حیدر سٹریٹ 48-S-93 غالب کالونی، ندیم شہید روڈ، یمن آباد، لاہور

srhrizvi110@gmail.com

srhrizvi110@gmail.com

ترجمہ و مفاہیم قرآن کریم

تعلیمی نصاب

فہرست

پیش لفظ ۹

مقدمہ ۱۱

حرف مترجم ۱۹

پہلا حصہ: اللہ کی معرفت

پہلا سبق: اللہ کی نشانیاں ۲۵

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۳۴

دوسرا سبق: اللہ کی صفات (۱) ۳۷

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۴۵

تیسرا سبق: اللہ کی صفات (۲) ۴۹

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۵۵

چوتھا سبق: اللہ کی عبادت ۵۸

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۶۵

دوسرا حصہ : وحی اور نبوت

پانچواں سبق: انبیا کی رسالت ۷۱

قرآن کی زبان ۸۰

srhrizvi110@gmail.com

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۸۲

چھٹا سبق: حضرت ابراہیم علیہ السلام ۸۵

قرآن کی زبان ۹۳

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۹۴

ساتواں سبق: حضرت موسیٰ علیہ السلام ۹۸

قرآن کی زبان ۱۰۶

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۰۸

آٹھواں سبق: پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۱۲

قرآن کی زبان ۱۲۰

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۲۱

تیسرا حصہ : قرآن

نواں سبق: قرآن کا نزول ۱۲۷

قرآن کی زبان ۱۳۵

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۳۷

دسواں سبق: قرآن کی خصوصیات (۱) ۱۴۱

قرآن کی زبان ۱۴۹

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۵۱

گیارہواں سبق: قرآن کی خصوصیات (۲) ۱۵۵

قرآن کی زبان ۱۶۲

مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۶۴

srhrizvi110@gmail.com

بارھواں سبق: قرآن میں توریت اور انجیل ۱۶۸
قرآن کی زبان ۱۷۶
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۷۸

چوتھا حصہ : ولایت

تیرھواں سبق: اللہ کی مالکیت اور حکمرانی۔۔۔ ۱۸۵
قرآن کی زبان ۱۹۴
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۱۹۷
چودھواں سبق: اللہ کی ہدایت ۲۰۱
قرآن کی زبان ۲۱۰
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۱۳
پندرھواں سبق: اللہ کی ولایت ۲۱۷
قرآن کی زبان ۲۲۵
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۲۷
سولھواں سبق: انبیاء واوصیاء کی ولایت ۲۳۲
قرآن کی زبان ۲۴۱
مفاہیم قرآن سے آشنائی ۲۴۳
فہرست الفاظ اور معانی ۲۴۷

srhrizvi110@gmail.com

پیش لفظ

قرآن کریم، اسلام کی حقانیت کی سند اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زندہء جاوید معجزہ ہے اور ایسی کتاب ہے کہ ''لَا یَأتِیهِ الْبٰطِلُ مِنْ بَینِ یَدَیهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ'' (حٰم سجدہ/۴۱) (باطل اس کے آگے سے وارد ہوسکتا ہے اور نہ پیچھے سے) اور یہ کتاب ہر قسم کی تحریف سے پاک ہے ''اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ'' (حجر/۹) (بے شک ہم نے ہی اس ذکر کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں) قرآن کریم نے خود اپنی تعریف ان الفاظ میں کی ہے: نور، عبرت، تبیان (واضح نشانی)، تذکر، بیان، ہدایت، دلیل، ذکر، فرقان (حق اور باطل میں فرق کرنے والی) اور مبارک (برکت والی)۔

تاہم انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو قرآن کو پڑھنا تک نہیں جانتے اور اگر پڑھنے کی سدھ بدھ ہے بھی تو غلط پڑھتے ہیں اور اگر پڑھتے ہیں تو اُس کے معنیٰ و مفہوم کو نہیں سمجھتے اور جو اُس کا معنیٰ و مفہوم سمجھتے ہیں، اُس میں غور و فکر نہیں کرتے اور جو غور و فکر کرتے ہیں، وہ اُس سے درسِ عبرت نہیں لیتے! مختصر یہ کہ قرآن سے ہمارا تعلق اور واسطہ فقط مُردوں کیلئے تلاوت کرنے، قسمیں اٹھانے، حق مہر کے طور پر دینے، تجوید پڑھنے پڑھانے، ترتیل و حفظ اور حسن قرأت کے مقابلوں میں شرکت کرنے کی حد تک محدود ہے۔ جبکہ یہ سب اس لیے کہ قرآن میں تدبر کیا جائے جو ابھی تک معاشرے میں رواج نہیں پا سکا۔

ہم قرآن میں پڑھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو راضی کرنا چاہتا ہے۔ اس دنیا میں

srhrizvi110@gmail.com

بھی ''فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا'' (بقرہ/۱۴۴) (پس ہم ضرور آپ کا قبلہ تبدیل کریں گے جس سے آپ راضی ہو جائیں گے) اور آخرت میں بھی جیسا کہ فرمایا ''وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ'' (ضحیٰ/۵) (عنقریب تمھارا پروردگار تمھیں اتنا عطا کرے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔)

وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جسے خدا راضی کرنا چاہتا ہے، ہم کیوں نہ اسے راضی کریں؟ خدانخواستہ قیامت کے دن جب سب رضائے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محتاج ہوں گے وہ یہ کہہ کر ناراضی کا اظہار نہ کریں: ''يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُوْرًا'' (فرقان/۳۰) (اے میرے پروردگار میری قوم نے اس قرآن سے دوری اختیار کی۔)

قرآن واقعاً نور ہے اور معاشرے اور فرد کو تاریکیوں سے نکال کر نور کی طرف لے جانے والا ہے۔ وہ لوگ جو قرآن سے بے اعتنائی برتتے ہیں وہ سخت ترین زندگی میں مبتلا ہو جائیں گے۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا (طٰہٰ/۱۲۴) (جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اسے یقیناً ایک تنگ زندگی نصیب ہوگی۔)

ہم آج ایسی دنیا میں زندگی بسر کر رہے ہیں کہ فتنوں نے تاریک رات کی طرح ہر جگہ کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ اس صورتحال میں سوائے قرآن اور وارثانِ قرآن کے پاس پناہ لینے کے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ ''ادارہ التنزیل'' کا قیام اسی احساس کا نتیجہ ہے۔ اس ادراک کے ساتھ کہ قرآن وہ کتاب ہے جو معاشرے کے ہر درد کی دوا ہے۔ اس کے عالی مفاہیم کو سادہ انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کے ماننے اور جاننے والے آسانی سے اس کے مطالب کو سمجھیں اور اپنی روزمرہ زندگی میں اپنے لیے راہنما اور راہ کشا بنا سکیں۔

ترجمہ اور مفاہیم قرآن کریم کے تعلیمی نصاب کی پہلی جلد اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ آپ جوں جوں اس کا مطالعہ کریں گے اپنے آپ کو قرآن کریم سے قریب تر محسوس کرتے جائیں گے اور اس کے مطالعے سے فارغ ہو کر آپ کے دل میں اس کی آنے والی جلدوں کا اشتیاق پیدا ہو جائے گا۔ آپ کی اطلاع کے لیے ایسی صرف دو جلدوں کا مزید مطالعہ آپ کو درکار ہوگا۔

اس جلد کے ترجمے، تصحیح اور دیگر زحمت اٹھانے والے اور راہنمائی کرنے والے تمام ساتھیوں کے سپاس گزار بھی ہیں اور ان کے لیے دعا گو بھی۔ اس سلسلے میں آپ کی تجاویز اور آراء کا انتظار رہے گا۔

ڈائریکٹر: سید علی عباس نقوی
''ادارہ التنزیل پاکستان''

srhizvi110@gmail.com

مقدمہ

هٰذا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ

(آل عمران/۱۳۸)

یہ (قرآن) لوگوں کے لئے روشن بیان اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہے۔

srhrizvi110@gmail.com

قرآن فہمی کی بنیاد

ماضی قریب میں قرآن کے ترجمہ اور مفاہیم کی تعلیم کا کوئی آسان طریقہ پیش کرنے کے لئے بہت سی کوششیں کی گئی ہیں۔ ان کوششوں کے نتیجے میں متعدد علمی اور عملی نئی روشیں سامنے آئیں، وہ روشیں جن کے وسیلے سے قرآن کے معانی و مفاہیم کو جلدی اور بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے اور جن کے ذریعے قرآن سے انس رکھنے والے حضرات، نورانی ماحول سے قریب ہو جائیں گے۔

انہی میں سے ایک روش، قرآن میں زیادہ استعمال ہونے والے الفاظ کی بنیاد پر قائم ہے۔ قرآن کے طالب علم کے لئے یہ جاننا بہتر ہے کہ پورے قرآن میں صرف ۷۸ ہزار الفاظ ہیں جن میں بہت سے مکرّر اور بار بار استعمال ہوئے ہیں۔

اس نصاب میں بارہ سو سے زیادہ قرآن کے الفاظ کو ایک تعلیمی نصاب کی صورت میں اور قرآنی آیات سے

استفادہ کرتے ہوئے پیش کیا گیا ہے جن میں سے دو تہائی الفاظ، قرآن کے زیادہ استعمال ہونے والے الفاظ (دس بار سے زیادہ استعمال ہونے والے) ہیں۔ یہ نصاب اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ قرآن سیکھنے والے حضرات ایسی بہت سی سادہ آیات کا مفہوم سمجھ سکتے ہیں جو انہی الفاظ سے تشکیل پائی ہیں اور چونکہ تقریباً سارے قرآنی اہم مفاہیم ومطالب ان آیات میں موجود ہیں لہٰذا مفاہیمِ قرآنی تک ان حضرات کی رسائی آسان ہو جائے گی۔

ترجمہ ومفاہیم کی تعلیم

اس نصاب میں قرآن کے طلبہ، قرآن میں زیادہ استعمال ہونے والے تقریباً ۶۶ ۷/الفاظ سے آشنا ہو جائیں گے۔ یہ نصاب ۴۸/اسباق اور تین جلدوں پر مشتمل ہے۔

جن خواتین یا حضرات کا تعلق تقریباً پانچ سال تک اردو سے رہ چکا ہو یا وہ اس کے مساوی علمی لیاقت رکھتے ہوں وہ خدا کی مدد اور پیہم محنت کے ساتھ اس نصاب کو اپنا سکتے ہیں تا کہ ایک پرکشش اور سادہ روش کے ذریعہ قرآن کی بہت سی آسان آیتوں کا ترجمہ کر سکیں اور قرآن کے ۸۶ فیصد سے زیادہ الفاظ سے آشنا ہو جائیں۔ یہ بھی بتانا ضروری ہے کہ ۸۶ فیصد الفاظ کے معانی سمجھنے کا مطلب یہ نہیں کہ قرآن کا طالبعلم اتنے فیصد آیات کا مکمل ترجمہ جانتا ہے، کیونکہ قرآن کے ترجمے کو سمجھنے کے لئے لغوی معانی کے علاوہ دیگر امور سے آشنائی بھی ضروری ہے اور اس نصاب کا پڑھنے والا طالب علم ان امور میں سے بعض کو اس نصاب میں حاصل کر سکتا ہے۔

اس نصاب سے آپ کی بہتر آشنائی کے لئے سبق کے مختلف حصوں کے بارے میں کچھ وضاحتیں پیش کی جارہی ہیں۔ البتہ اس سے پہلے آپ کے سامنے ترجمہ ومفاہیمِ قرآن کی تعلیم کے مقاصد واصول سے متعلق دو اہم باتیں پیش کرتے ہیں:

الف: ترجمہ و مفاہیم قرآنی کی تعلیم کے مقاصد

قرآن کے معانی و مفاہیم کی تعلیم کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ آپ حضرات قرآن کی تلاوت کے ساتھ ساتھ بتدریج قرآنی مفاہیم، قرآنی آداب اور قرآنی ماحول سے بھی مانوس ہو جائیں۔ اس آشنائی کی ایک کلید وہ الفاظ ہیں جو قرآن میں زیادہ استعمال ہوئے ہیں۔ اس طرح آپ قرآن کی سادہ اور آسان آیتوں کو براہ راست سمجھ سکتے ہیں۔ یہ آیتیں قرآنی مفاہیم اور راہنما اصولوں پر مشتمل ہیں۔ اس نصاب کے ذیلی اہداف اس طرح ہیں:

۱۔ قرآن میں استعمال ہونے والے الفاظ کے معانی کو آہستہ آہستہ سمجھنا۔

srnrizvi10@gmail.com

۲۔مختلف ساخت کی قرآنی آیتوں کے لفظ بلفظ ترجمہ پر عبور حاصل کرنا۔

۳۔قرآن کی آسان اور سادہ آیتوں کے ترجمے پر عبور حاصل کرنا۔

۴۔قرآن سے لگاؤ اور اس کی دائمی تلاوت کے ذریعے آیات کا مقصود سمجھنے کی مہارت حاصل کرنا۔

۵۔قرآنی ہدایات اور احکام کو انفرادی و اجتماعی زندگی میں لانے اور اخلاق قرآنی سے آراستہ ہونے کے لئے ہیں راہ ہموار کرنا۔

یہ نصاب درحقیقت قرآن سے قریب ہونے کا نقطہ آغاز ہے لہٰذا کسی بھی صورت میں اس کو پڑھنے والا تفسیر قرآنی سے بے نیاز نہیں ہوسکتا، بلکہ یہ اسے قرآن کو سمجھنے کی طرف راغب کرے گا اور اس کے اندر قرآنی مفاہیم و معارف حاصل کرنے لئے ذوق وشوق پیدا کرے گا۔

ب: مقاصد تک پہنچنے کے لئے پانچ رہنما اصول

مذکورہ مقاصد تک پہنچنے کے لئے طالب علم مندرجہ ذیل اصولوں کا خیال رکھیں:

۱۔ **تدریج**: ۴۸ اسباق کی صورت میں قرآن کے بارہ سو (۱۲۰۰) سے زیادہ الفاظ پر عبور حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ طالب علم ان الفاظ اور عبارتوں کو بتدریج یاد کریں۔ دوسرے لفظوں میں، قرآن کے الفاظ و معانی کو ہر سبق میں ان کی اپنی جگہ اور ان کے اپنے مقام پر یاد کریں۔

اسی طرح سبق کے دوسرے حصوں کو بھی بعد کی فرصت کے لئے نہ چھوڑیں اور یاد رکھیں کہ کسی سبق کو یاد کرنے کا سب سے غلط طریقہ اسے امتحان کی راتوں میں یاد کرنا یا ایک نشست میں کئی سبق یاد کرنا ہے۔

۲۔ **تکرار و مشق**: مشقوں میں تنوع اور مختلف شکلوں میں ہر لفظ اور عبارت کی تکرار کے ذریعے اس کتاب میں اس اصول کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ بشرطیکہ محترم طلبہ، تمام مشقوں کو توجہ اور شوق سے انجام دینے پر کاربند رہیں۔

۳۔ **تسلسل**: قرآن کے ترجمہ و مفاہیم کی تعلیم اس وقت مفید و منفعت بخش ہوسکتی ہے جب تسلسل اور ارادے کی مضبوطی کے ساتھ ہو۔ مثلاً اگر ہر سبق کو ایک ہفتہ کے لئے رکھا گیا ہے تو ایک رات چھوڑ کر اور ایک ہفتہ کے اندر تین دفعہ ان مشقوں کو حل کرلیں اور ایسا نہ ہو کہ سبق یاد کرنے میں فاصلہ پیدا ہوجائے۔

srhizvi110@gmail.com

۴۔ **ذھن نشینی** : پڑھے ہوئے اسباق کو ذہن نشین اور پختہ کرنے کے لئے ان باتوں پر عمل کریں:

اول :(دو یا تین افراد کے ساتھ) گروہی صورت میں مباحثہ (Group discussion) کریں۔

دوم : اس نصاب کی پہلی جلد پڑھنے کے بعد اسے کسی دوسرے کو پڑھائیں۔

۵۔ **شوق و جذبہ** : اگر طلبہ اور متعلمین قرآن مذکورہ چار اصول یعنی تدریج، تکرار و مشق، تسلسل اور ذہن نشین کرنے پر قائم رہے اور ان ہدایتوں پر عمل کرتے رہے تو قرآن اور قرآن فہمی سے آپ کی لگن بڑھ جائے گی اور یوں قرآن کے ترجمہ اور اس کے مفاہیم کی تعلیم کے لئے آپ کے اندر شوق و جذبہ پیدا ہوگا۔

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ: ''جو شخص کسی کام کو انجام دیتا ہے، اس کے ساتھ اس کا شوق و جذبہ بڑھ جاتا ہے۔'' بشرطیکہ وہ کام متعلقہ اصول کے مطابق انجام پایا ہو۔

سبق کا خاکہ

سبق کے عناوین اور اس کا ظاہری خاکہ اس طرح ہے:

۱۔ ایک موضوع دس آیات

۲۔ مانوس اور نئے الفاظ کا نقشہ

۳۔ مشق اور سوالات

۴۔ قرآن کی زبان

۵۔ مفاہیم قرآن سے آشنائی

۶۔ اختیاری مشق

مزید وضاحت کے لئے ہر عنوان کے سلسلے میں کچھ تفصیلات بیان کرتے ہیں:

الف ۔ ایک موضوع دس آیات

۱۔ یہ سبق کا سب سے پہلا حصہ ہے اور قرآنی جملوں اور آیتوں پر مشتمل ہے۔

۲۔ ہر سبق کے پڑھنے کا آغاز ان آیتوں کی قرأت کے ذریعہ ہوتا ہے۔

۳۔ اس قرأت کا پہلا مقصد، تلاوت اور اس میں حصول مہارت ہے۔ اس کا دوسرا مقصد یہ ہے کہ پہلی نگاہ میں ہی آپ اندازہ لگائیں کہ ان عبارتوں کا ترجمہ کرنے میں آپ کتنے کامیاب ہیں۔

srhrizvi110@gmail.com

۴۔ بعد کی مشقوں کی انجام دہی دراصل انہی عبارتوں اور آیتوں کے سمجھنے اور ترجمے کے لئے ہے۔

۵۔ ابتدائی مشقوں کے بعد، سبق کی آخری مشقیں انہی دس آیتوں کے لفظی ترجمے کے سلسلے میں ہیں۔

۶۔ اگر آخری مشقوں میں آپ کو مشکل کا احساس ہو تو سمجھ لیجئے گا کہ آپ نے ابتدائی مشقوں کو اچھی طرح انجام نہیں دیا ہے۔ لہٰذا اس صورت میں ان مشقوں کو دوبارہ انجام دیں۔

۷۔ ان آیتوں کے ترجمے کے وقت، سبق کے عنوان اور موضوع کے ساتھ آیات کے رابطے کو تلاش کیجئے۔

ب ۔ مانوس اور نئے الفاظ کا نقشہ

مانوس الفاظ سے مراد وہ الفاظ ہیں:

☆ جو اردو کی متوسط درجے کی کتابوں میں استعمال ہوتے ہیں اور ان سے آپ پہلے سے ہی آشنا ہیں جیسے:

ارض، شمس، قمر

☆ جو اردو زبان کی روزمرہ گفتگو میں بولے جاتے ہیں اور متوسط اردو جاننے والا شخص اس سے پہلے ان کو سن چکا ہے۔ جیسے: اختلاف، مالك، رسول

☆ جو الفاظ اردو اور عربی میں مشترک ہیں جیسے: کتاب ، قوم ۔ اسی طرح ان الفاظ میں بعض وہ الفاظ بھی شامل ہیں جو اردو اور عربی دونوں زبانوں میں استعمال ہوتے ہیں لیکن دونوں زبانوں میں ان کے معنی الگ الگ ہیں۔

☆ کچھ ایسے ہم جنس الفاظ جن کے ہم شکلوں کا گذشتہ اسباق میں ذکر آچکا ہے اور "قرآن کی زبان" کے کالم میں پڑھے ہوئے قواعد کی بنیاد پر ان کے معانی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے جیسے مومن سے مومنون، مومنین؛ صالحہ سے صالحات اور قلب سے قلوب.

ان الفاظ کا ذکر اس لئے کیا گیا ہے تاکہ متعلّمین قرآن کی معلومات سے استفادہ کیا جائے اور ان کے لئے یہ واضح ہو سکے کہ قرآن کی بہت سی آیتوں کو آسانی سے سمجھا جاسکتا ہے۔ ان اسباق میں تیس فیصد کے قریب الفاظ انہی الفاظ پر مشتمل ہیں۔

نئے الفاظ سے مراد وہ الفاظ ہیں:

جن سے آپ پہلی بار آشنا ہو رہے ہیں اور ان کے معانی کو تقریباً نہیں جانتے۔

srhrizvi110@gmail.com

محترم متعلّمین قرآن! کتاب کے الفاظ (مانوس اور نئے الفاظ) یاد کرنے کو اہمیت دیجئے کیونکہ الفاظ کے معانی پر عبور حاصل کئے بغیر آپ قرآنی آیات اور جملات کا ترجمہ نہیں کر سکتے۔

ج مشق اور سوالات

یہ حصہ پانچ مشقوں پر مشتمل ہے جن کی تفصیل اس طرح ہے:

مشق نمبر ایک: ان الفاظ اور معانی کی شناخت کے لئے ہے جو مانوس اور نئے الفاظ کے نقشہ میں آچکے ہیں۔ اس مشق کو حل کرتے وقت اگر کوئی معنی یاد نہ آئے یا کسی معنی کے بارے میں شک ہو تو الفاظ کے نقشہ کی طرف رجوع کریں۔ نقشہ کی طرف بار بار رجوع کرنے سے الفاظ اور معانی کو اچھی طرح یاد کیا جا سکتا ہے۔

مشق نمبر دو: یہ مشقیں دو جوابی ہیں۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ جملے اور جملوں کی ترکیبات کا ترجمہ کرنے میں آپ کو مدد ملے۔ اگر سبق کی عبارتوں میں کوئی مشکل عبارت ہوتی ہے تو وہ اس مشق میں لائی جاتی ہے۔

مشق نمبر تین: چھوٹی عبارتوں اور ترکیبوں کا ترجمہ اور مطلب بتانے سے مخصوص ہے۔ ان مشقوں میں کوشش کریں کہ عبارت کے ترجمہ سے پہلے اس کے الفاظ کو الگ الگ کر لیں تا کہ ترجمہ کرتے وقت کوئی لفظ حذف نہ ہونے پائے۔ مثال کے طور پر ذیل کے نمونہ کو ملاحظہ کریں:

لِلْمَلَائِكَةِ = لِـ+الملائكة: فرشتوں کے لئے

رَبُّكُمْ = رَبٌّ+كُم : تم سب کا پالنے والا

بِاَنْفُسِهِمْ =بِـ+اَنْفُس + هِم: ان سب کی جانوں کے ذریعہ

مِمَّا رَزَقْنَاكُم=مِن+مَا+رَزَقْنَا+كُمْ: اس میں سے جو کہ عطا کی ہم نے تم سب کو۔

مشق نمبر چار: ایسی مشق ہے جو آخری مشق یعنی دس آیتوں کے ترجمہ کے سلسلہ میں آپ کو آمادہ کرنے کے لئے رکھی گئی ہے۔

مشق نمبر پانچ: سبق کی ان دس آیتوں کے لفظی اور صحیح ترجمے کے لئے ہے، جو موضوعی اعتبار سے چنی گئی ہیں تا کہ آیات کے ترجمہ کے ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ قرآنی مطالب سے بھی آگاہ ہوتے رہیں۔

نوٹ: اس نصاب کے ساتویں حصے سے ہر سبق کی مشقوں میں ایک نئی مشق کا اضافہ ہوگا جو قرآن کی نورانی آیات کے ترجمہ میں مہارت کے حصول کے لئے ایک اچھا قدم ہے۔

srhrizvi10@gmail.com

د ۔ قرآن کی زبان

قرآن کے معانی ومفاہیم کی تعلیم میں قرآن کی زبان (عربی زبان کے قواعد) کو صرف اور صرف ضرورت کی حد تک ایک سہارے کے طور پر بیان کیا گیا ہے اور براہ راست عربی زبان کے تمام قواعد کا سیکھنا مقصود نہیں ہے۔ اس لئے یہاں زیادہ استعمال ہونے والے الفاظ کے ذکر کے ساتھ ساتھ ضرورت بھر اور آسان انداز میں عربی زبان کے قاعدے ذکر کئے جائیں گے۔ مثلاً ہم جنس وہم وزن الفاظ اور واحد، تثنیہ وجمع بنانے کا طریقہ نیز اسم فاعل، اسم مفعول، فعل ماضی اور فعل مضارع کے بارے میں عربی زبان کے لحاظ سے بتایا جائے گا۔

ھ ۔ مفاہیم قرآن سے آشنائی

ترجمہ ومفاہیم کی تعلیم کے لئے ایسی آیتوں کو منتخب کرنا انتہائی سخت کام ہے جو ایک طرف قرآن میں زیادہ استعمال ہوئے ہوں اور دوسری طرف ایک موضوع کے تحت ہوں لیکن ہم نے یہ زحمت اس وجہ سے اٹھائی کہ اس طرح سے قرآن کے طلبہ، بہت سی آیتوں کے ترجمہ پر عبور حاصل کرنے کے علاوہ قرآن کے تقریباً بارہ بنیادی اور اہم موضوعات سے آشنا بھی ہو جائیں گے۔ یہ بارہ موضوعات خود اپنی جگہ ۴۸ فرعی اور ضمنی موضوعات پر مشتمل ہیں اس طرح سے ایک قابل قدر اور بلند مقصد حاصل ہو سکتا ہے اور خواتین وحضرات اس سے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں مدد لے سکتے ہیں۔ خصوصاً اگر ان آیات کو حفظ کر لیں تو اپنی اعتقادی، اجتماعی، سیاسی اور اخلاقی زندگی میں اس سے بھرپور استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

و ۔ اختیاری مشقیں

یہ مشقیں ان متعلّمین قرآن کے لئے ہیں جو قرآنی مفاہیم وترجمہ کے لئے زیادہ وقت دینا چاہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس سے ان کو خاصا فائدہ ہوگا بشرطیکہ:

(۱) ہر سبق کی دس آیات کے ترجمے میں باریک بینی سے کام لیں اور اپنے ترجمے کو کلاس میں استاد کی طرف سے پیش کئے گئے صحیح ترجمے پر، پرکھنے میں غفلت نہ کریں۔

(۲) اختیاری مشق کے ترجمے کے سلسلے میں مزید اطمینان کے لئے عربی جاننے والے دوستوں اور ساتھیوں خصوصاً استاد سے صلاح مشورہ کریں اور اختیاری مشق کے نئے الفاظ ومعانی کو یاد کریں۔

srhriz110@gmail.com

ضروری بات

ترجمہ ومفاہیم قرآنی کا شوق رکھنے والوں کو مشورہ ہے کہ کتاب حاضر اور اس کے بعد کی دو کتابوں کو کلاس میں استاد کی نگرانی میں پڑھیں۔ اگر استاد کی کلاس تک رسائی نہ ہو تو ایک ساتھی کے ساتھ مل کر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اس کام کے لئے کتاب ''راہنمائے استاد'' ضرور حاصل کریں جو اسی غرض کے تحت لکھی گئی ہے اور ہر سبق کو اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر پڑھیں، اس کی مشقوں کو توجہ اور مشورے کے ساتھ انجام دیں۔ ہر سبق کے اختتام پر ''راہنمائے استاد'' میں ہر سبق کی مشق کے حل کو دیکھ کر اپنا امتحان لیں۔

آخر میں آپ سب حضرات کو مبارکباد دیتے ہیں کہ آپ نے ترجمہ ومفاہیم قرآنی کے حصول کے ذریعے کلام الٰہی کا مخاطب قرار پانے کے لئے کمر ہمت باندھی ہے۔ خداوند کریم سے دعا ہے کہ اس پرنور راہ کو طے کرنے میں آپ کی اور ہماری مدد فرمائے۔

srhrizvi110@gmail.com

حرفِ مترجم

اردو کا اشاعتی میدان یوں تو بڑا وسیع ہے، حتی کہ جن علاقوں کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہاں اردو اپنی زندگی کی آخری رمق کے دور میں ہے وہاں بھی اردو کے حوالے سے جب اعداد وشمار سامنے آتے ہیں تو حیرت ہوتی ہے۔ چند ماہ پہلے ہی کی بات ہے کہ ہندوستان کے بارے میں یہ رپورٹ سامنے آئی تھی کہ وہاں سے ایکسپورٹ ہونے والی کتابوں میں سب سے زیادہ اردو زبان کی کتابیں ہوتی ہیں۔

مذکورہ حقیقت کے باوجود یہ اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ قرآن کا ترجمہ سمجھنے اور قرآنی مفاہیم کو ایک عام انسان تک پہنچانے کے حوالے سے اردو زبان کا دامن تقریباً خالی ہے۔

یہ بات درست ہے کہ قرآن کے ترجمے وغیرہ اردو زبان میں اچھے خاصے ہیں اور ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں قرآن کے ترجمے سب سے زیادہ اردو زبان میں ہوئے ہیں کیونکہ اب تک قرآن کے تقریباً سات سو اردو ترجمے ہو چکے ہیں، لیکن اس کے باوجود جدید روش کے ساتھ کم وقت میں عام انسان کی قرآنی ترجمے سے آشنائی اور اسے قرآنی مفاہیم سے نزدیک کرنے کا کام کم ہی ہوا ہے۔ کتاب حاضر اسی خلا کو پُر کرنے کی ایک کوشش ہے۔

یہ کتاب یوں تو فارسی میں لکھی گئی تھی لیکن اردو حلقے میں اس کی ناقابل انکار ضرورت کے تحت اس کو اردو زبان میں منتقل کیا گیا ہے۔ کہنے کو تو یہ کتاب فارسی سے اردو میں صرف ترجمہ ہوئی ہے لیکن چونکہ یہ ایک تعلیمی نصاب کی کتاب تھی اس لئے دیگر کتب کے مقابلے میں ترجمے کے حوالے سے اس میں انتہائی باریک بینی سے کام لیا گیا اور یہی سبب ہے کہ بعض بلکہ اچھے خاصے موارد میں تصنیفی رنگ بھی پایا جاتا ہے؛ لہٰذا یہ کتاب ترجمہ وتصنیف کا مرکب ہوگئی ہے۔ البتہ ترجمہ کا رنگ اس میں بہر حال گہرا ہے۔

اگر سرسری طور سے اس کتاب کے ترجمے کی مشقوں اور دقتوں کو شمار کیا جائے تو یوں کہا جاسکتا ہے:

۱- اس میں ایرانی تہذیب کے لحاظ سے بیان کی گئی مثال اور مفروضے وغیرہ کو برصغیر کی تہذیب میں ڈھالا گیا ہے۔

srrizvi110@gmail.com

۲۔اسی طرح جہاں عربی قواعد کی فارسی قواعد کے لحاظ سے وضاحت کی گئی ہے انہیں اردو قواعد کے لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے۔

۳۔اصل کتاب میں مانوس اور غیر مانوس الفاظ کی تقسیم بندی فارسی لحاظ سے کی گئی ہے، ترجمے میں ان کو اردو کے لحاظ سے نئی ترتیب دی گئی ہے۔

۴۔ایک سبق میں اگر ایک لفظ متعدد بار استعمال ہوا ہے تو اس کا خیال رکھا گیا ہے کہ ہر جگہ اس کا ترجمہ ایک ہی ہو یعنی سبق کے شروع میں دیے گئے معانی کے مطابق ہو۔یہ باریکی وہاں بھی مدنظر رکھی گئی ہے جہاں ایک لفظ الگ الگ متعدد اسباق میں آیا ہے۔اسی طرح وہاں بھی اس کا لحاظ رکھا گیا ہے جہاں ایک لفظ کتاب کی مختلف جلدوں میں استعمال ہوا ہے۔

۵۔برصغیر کی تقسیم کے بعد اردو اس کے تقسیم شدہ دونوں علاقوں میں بولی گئی لیکن اس کا ایک حصہ چونکہ ایران سے متصل تھا لہٰذا اس علاقہ کے مروجہ الفاظ میں دور حاضر کے فارسی الفاظ کا رنگ اچھا خاصا نظر آتا ہے جبکہ ممکن ہے دوسرے علاقوں میں ایسے الفاظ اردو دانوں کے لئے سنگین اور مشکل ہوں بلکہ بعض موارد پر ہوسکتا ہے کہ بالکل ہی نامانوس ہوں۔

کتاب کے ترجمے میں ان باریکیوں کا خیال بھی رکھا گیا ہے اور ایسے موقعوں پر ایک درمیانی راستے کا انتخاب کیا گیا ہے تاکہ یہ کتاب برصغیر کے تمام علاقوں کے لئے قرآن کریم سے قریب اور مانوس ہونے میں معاون ہوسکے۔

اساتذۂ کرام کے لئے بھی اس نصاب کے حوالے سے چند باتیں ذکر کرنا مناسب ہے جو ان کے لئے تدریس میں معاون ثابت ہوں گی:

۱۔واحد اور جمع کے ترجمے کے فرق کو واضح کرنے کے لئے اس نصاب میں لفظ ''سب'' سے استفادہ کیا گیا ہے؛ یعنی واحد کے ترجمہ میں صرف ''وہ، تم، میں'' کی ضمیریں استعمال کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے، جبکہ جمع کے ترجمہ کے لئے ''وہ سب، تم سب، ہم سب'' جیسے الفاظ سے استفادہ کیا گیا ہے۔البتہ جہاں واحد کا صیغہ ذات پروردگار کے لئے استعمال ہوا وہاں خدا کی توحید، یکتائی اور غیر مرکب اکائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ''تم'' کے بجائے ''تو'' کا استعمال ہوا ہے، جیسے ''اِهْدِ: تو ہدایت کر''۔اسی طرح جہاں ذات پروردگار کے لئے جمع کا صیغہ استعمال ہوا ہے وہاں ''سب'' کا استعمال نہیں کیا گیا ہے، جیسے ''ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوسیٰ: پھر بھیجا ہم نے موسیٰؑ کو''

۲۔عربی میں بعض حالات کے مدنظر فاعل کے جمع ہوتے ہوئے بھی فعل، واحد استعمال ہوتا ہے؛ ایسی جگہوں پر

sibrizvi110@gmail.com

واحد اور جمع دونوں ترجمے کئے گئے ہے البتہ اس طرح کہ زیادہ طویل نہ ہوں مثلاً ''وَلْيَحْكُمْ: اور وہ [سب] فیصلہ کرے [کریں]'' میں صیغہ واحد کا ہے لہٰذا قاعدتاً ترجمہ واحد کا ہونا چاہئے لیکن چونکہ اس کا فاعل ''اهلُ الانجيل'' ہے لہٰذا اس کا ترجمہ واحد کے علاوہ جمع سے بھی کیا گیا ہے۔

۳۔ فعل مضارع کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں مثلاً اس پر کبھی ادوات ناصبہ (أَن، لَن، كَي، إِذن) داخل ہوتے ہیں کبھی اس سے پہلے مثلاً ''لَعَلَّ: شاید'' آجاتا ہے؛ اس لحاظ سے اس کے ترجمہ کی کیفیت بھی بدلتی رہتی ہے۔ اسی طرح فعل مضارع میں زمانہ حال اور مستقبل دونوں کو قبول کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے اس لئے اس کا ترجمہ کہیں حال کی مناسبت سے اور کہیں مستقبل کے اعتبار سے کیا جاتا ہے۔

ہم نے فعل مضارع کے ترجمہ میں صرف اس بات کو مدنظر رکھا ہے کہ الفاظ کے معانی اور متعلقہ ترجمہ، سبق میں استعمال ہونے والی آیات کے مطابق ہو۔ مثلاً ''تَتَّقُونَ: تم سب تقویٰ اختیار کرو'' کا ترجمہ قاعدتاً ''تم سب تقویٰ اختیار کرتے ہو'' ہونا چاہئے تھا؛ لیکن چونکہ ''تَتَّقُونَ'' سے پہلے ''لَعَلَّكُمْ'' بھی ہے لہٰذا اس کا ترجمہ مذکورہ صورت میں کیا گیا ہے۔

امید ہے محترم اساتذہ کے لئے یہ توضیحات، مفید اور راہنما ہوں گی۔ البتہ مذکورہ نکات کے علاوہ بعض باریکیاں اور ہیں جن کو ہم نصاب کی دیگر جلدوں میں ذکر کریں گے۔

مندرجہ بالا تمام تر دقت نظر کے باوجود کوئی بعید نہیں کہ ترجمہ میں مزید بہتری کی گنجائش نکل آئے، کیونکہ ایسے کاموں میں ''مزید اچھا ہونے کی گنجائش'' ہمیشہ باقی رہتی ہے۔ امید ہے صاحبانِ ذوق اپنی مفید آراء سے نوازیں گے۔

پروردگارا! تیرا لاکھ لاکھ شکر کہ تو نے قرآن کریم کی خدمت کا موقع عنایت فرمایا لہٰذا وارثانِ قرآن کے صدقے میں اس ناچیز کاوش کو قبولیت کا شرف بھی عنایت فرما۔

ساتھ ساتھ ان تمام افراد کا بھی تہ دل سے شکریہ اور قدردانی ضروری ہے جنھوں نے کسی بھی لحاظ سے اس کام میں تعاون کیا۔ خدا ان سب کو دوامِ توفیق اور جزائے خیر عنایت فرمائے۔ آمین!

والسلام مع الاکرام

محمد باقر رضا

۷/ ذی الحجہ ۱۴۲۷ھ

srirazvi110@gmail.com

پہلا حصہ

اللہ کی معرفت

srhrizvi110@gmail.com

- پہلا سبق: اللہ کی نشانیاں
- دوسرا سبق: اللہ کی صفات (۱)
- تیسرا سبق: اللہ کی صفات (۲)
- چوتھا سبق: اللہ کی عبادت

پہلا سبق

اللہ کی نشانیاں

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔ پھر جو الفاظ آپ کے لئے مانوس ہیں اور جن کے معانی آپ جانتے ہیں، ان کو (+) کی علامت کے ذریعہ معین کیجئے:

۱. بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ

..... (حمد/۱)

۲. اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَومٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ

..... (رعد/۳)

۳. اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَومٍ یَّعۡقِلُوۡنَ

..... (رعد/۴)

۴. اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّقَومٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ

..... (نحل/۱۱)

۵. اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّقَومٍ یَّعۡقِلُوۡنَ

..... (نحل/۶۷)

۶. اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

..... (عنکبوت/۴۴)

srhrizvi110@gmail.com

۷. وَمِنْ اٰيَاتِهٖ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

..... (روم/ ۲۰)

۸. وَمِنْ اٰيَاتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ

..... (روم/ ۲۲)


۹. وَمِنْ اٰيَاتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

..... (حٰمٓ سجدہ/ ۳۷)

۱۰. وَمِنْ اٰيَاتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

..... (شوریٰ/ ۲۹)

srhrizvi110@gmail.com



مانوس الفاظ
اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجیے۔ پھر الفاظ اور ان کے معانی کو گھر کا کوئی فرد یا آپ کا دوست آپ سے پوچھے تا کہ آپ کو اطمینان ہو جائے کہ آپ الفاظ کے معانی کو جانتے ہیں۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
اِختِلاف	اختلاف، فرق، آنا جانا	اَلسِنَة	زبانیں (لسان کی جمع)
اَرض	زمین	اَلوَان	رنگ (لَون کی جمع)
اَللّٰه	خدا	بِـ	سے، ذریعہ
رَحمٰن	بڑا مہربان	اَنْ	کہ، یہ کہ
رَحِیم	نہایت رحم کرنے والا	اِنَّ	یقیناً، بے شک
قَوم	قوم، گروہ	خَلَقَ	اس نے خلق کیا، اس نے پیدا کیا
لَیل (لَیلَة)	رات، شب	ذٰلِکَ	وہ، یہ
مُؤمِنِینَ (مُومِنُونَ)	مومنین، ایمان لانے والے لوگ	فِی	میں، اندر
وَ	اور	کُمْ	تم سب (اپنے، تمہاری)
شَمْس	سورج	لَ	حتماً، قطعی
قَمَر	چاند	لِ	لئے، برائے، تا کہ
اِسْم	نام	مِنْ	سے، میں سے
خَلْق	خلق کرنا، پیدا کرنا، خلقت	نَهار	دن، روز

shrizvi110@gmail.com

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
سَمٰوٰت	آسمان (سَماء کی جمع)	ہٖ۔ہٗ	وہ، اُس (اپنے)
آیَة	نشانی، علامت	یَتَفَکَّرُونَ	وہ سب سوچتے ہیں، وہ سب فکر کرتے ہیں
آیات	نشانیاں "آیة" کی جمع	یَعْقِلُونَ	وہ سب سمجھتے ہیں
		تُراب	مٹی، خاک

توجہ

ذیل کی ترکیبات میں "لِ" کی صورت بدل جاتی ہے اور وہ "لَ" کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔ یعنی 'ل' پر زیر کے بجائے زبر ہو جاتا ہے لیکن اس کے معنی وہی "لئے، برائے، تاکہ" رہتے ہیں:

لَه۔ لَها۔ لَهُما۔ لَهُم۔ لَکَ۔ لَکُما۔ لَکُم۔ لَنا.

srhizvi110@gmail.com



مشق و سوالات


مشق نمبر(۱): صحیح جواب پر نشان لگائیے۔

الف ۔ لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ھے ؟

۱. اَرْض:	الف ۔ جنگل ☐	ب ۔ زمین ☐
۲. سمٰوٰات:	الف ۔ آسمان ☐	ب ۔ بادل ☐
۳. آیات:	الف ۔ نشانیاں ☐	ب ۔ راستے ☐
۴. خَلَقَ:	الف ۔ وہ پیدا ہوا ☐	ب ۔ اس نے خلق کیا ☐
۵. کُمْ:	الف ۔ تم ☐	ب ۔ تم سب ☐

ب: معنی کے اعتبار سے کونسا لفظ صحیح ھے؟

۱. نہایت رحم کرنے والا:	الف ۔ رَحْمٰن ☐	ب ۔ رَحِیم ☐
۲. خلق کرنا:	الف ۔ خَلْق ☐	ب ۔ خَلَقَ ☐
۳. یقیناً:	الف ۔ اِنَّ ☐	ب ۔ اَنْ ☐
۴. وہ، یہ:	الف ۔ فِی ☐	ب ۔ ذٰلِکَ ☐
۵. وہ، اُس:	الف ۔ لِ ☐	ب ۔ ہُ ☐




توجہ

۱۔ چھوٹی ترکیب کے ترجمہ کے سلسلہ میں مزید اطمینان کے لئے ترجمے سے پہلے اس ترکیب کو اپنے ذہن میں الگ الگ کر لیجئے؛ اس طرح:

لِلّٰہِ = لِ + اللّٰہ لَکُمْ = لَ + کُمْ

آیَاتِہِ = آیَات + ہِ اَلْسِنَتِکُم = اَلْسِنَۃِ + کُمْ

shirizvi110@gmail.com



۲۔محترم متعلّمین قرآن اس بات کا دھیان رکھیں کہ قرآنی آیات کے ترجمے کی مہارت اس کے لفظ بلفظ (تحت اللفظی) ترجمہ کے ذریعہ حاصل ہوگی اور پھر رفتہ رفتہ آپ کا ترجمہ اچھا اور رواں ہوتا جائے گا۔لہٰذا قرآنی عبارتوں کا ہمیشہ لفظ بلفظ اس طرح ترجمہ کریں:

الحمد	لله	رب	العالمين
تمام تعریفیں	خدا کے لئے ہیں	(جو) پالنے والا ہے	عالمین کا
قل	هو	الله	احد
کہہ دو	وہ	خدا	ایک ہے

۳۔اردو اور عربی کے قواعد و احکام چونکہ الگ الگ ہیں لہٰذا ترجمہ کو رسا اور قابل فہم بنانے کے لئے کبھی کبھی اردو میں کچھ الفاظ کو بڑھانا پڑتا ہے یا مقدم و مؤخر کرنا پڑتا ہے۔مثلاً مندرجہ بالا عبارت ''الحمد لله رب العالمين'' میں ''جو'' بڑھانا پڑا ہے۔لیکن ضروری ہے کہ اگر کوئی لفظ اس طرح بڑھایا جائے تو اسے بین القوسین (یعنی بریکٹ میں) لکھا جائے نہ کہ اصل ترجمہ میں۔

مقدم و مؤخر کرنے کی مثال مذکورہ عبارت میں ''لـلّٰـــہ'' ہے۔اس کا اگر لفظی ترجمہ کیا جائے تو ''لئے خدا کے'' ہوگا لیکن اردو میں اس ترتیب سے جملہ استعمال کرنا غلط ہے لہٰذا اس کا ترجمہ ''خدا کے لئے'' کیا جائے گا۔اس لئے قرآن کے متعلّمین اس کا خیال رکھیں اور تحت اللفظی ترجمہ کرنے کی کوشش میں ایسی غلطی نہ کریں۔

sihrizvi10@gmail.com

مشق نمبر(۲): عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے۔

۱. وَمِنْ اٰيٰتِهٖ

الف ۔ اور نشانی میں سے اس کی ❑ ب ۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ❑

۲. خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

الف ۔ اس نے پیدا کیا آسمانوں کو ❑ ب ۔ پیدا کرنا آسمانوں کا ❑

۳. اِخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ

الف ۔ فرق تم سب کے رنگوں کا ❑ ب ۔ فرق تم سب کی زبانوں کا ❑

۴. لَاٰيٰتٍ

الف ۔ نشانیوں کے لئے ❑ ب ۔ حتماً نشانیاں ❑

۵. لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ

الف ۔ اس گروہ کے لئے جو سمجھتے ہیں ❑ ب ۔ اس گروہ کے لئے جو عمل کرتے ہیں ❑

توجہ

اِنَّ	فِي ذٰلِكَ	لَاٰيٰت
یقیناً	اس میں	حتماً نشانیاں ہیں

مذکورہ عبارت جیسی عبارتوں کے ترجمہ کے حوالے سے اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ دوسری تاکید یعنی "لَ" کے ترجمہ کو نظر انداز کر دیا جائے اور اس طرح ترجمہ کیا جائے:

"یقیناً اس میں نشانیاں ہیں"

دوسرے لفظوں میں، جو جملے "اِنّ" سے شروع ہوتے ہیں ان میں "لَ" کا ترجمہ کرنا ضروری نہیں ہے۔

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۳): گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے۔

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	بِسۡمِ اللّٰهِ	
۲	الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ	
۳	وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ	
۴	خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ	
۵	اَنۡ خَلَقَكُمۡ	
۶	مِنۡ تُرَابٍ	
۷	اِخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِكُمۡ	
۸	اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ	
۹	لَاٰيٰتٍ	
۱۰	لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۴): آیتوں کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے۔

۱. وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے یہ کہ اس نے خلق کیا.....کو.....سے

۲. وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

اور اس کی.....میں سے ہے خلق کرنا .....اور .....کا

۳. اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ

یقیناً اس میں نشانیاں ہیں اس ..... کے لئے جو ..... ہیں

۴. اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

.....اس میں.....ہے مومنین .....

مشق نمبر(۵): اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی آیتوں کے ترجمہ کی باری ہے۔ ہر عبارت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

srhrizvi110@gmail.com

اللہ کی نشانیاں

خدا کی معرفت کا ایک سادہ طریقہ یہ ہے کہ اس کی مخلوقات کے بارے میں سوچا جائے۔ قرآن مجید میں بہت سے موجودات کو "آیت" یعنی خدا کی نشانی بتایا گیا ہے۔

جیسا کہ سبق کی ابتدا میں آپ نے پڑھا ہے، قرآن نے آسمانوں اور زمین کی خلقت و آفرینش کو خدا کی نشانیوں میں سے شمار کیا ہے "وَ مِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ"؛ روز و شب اور چاند سورج کو اس کے وجود کی نشانی بتایا ہے "وَ مِنْ اٰیٰتِهِ الَّیْلُ وَ النَّهَارُ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ"؛ مٹی سے انسان کی خلقت سے لے کر "وَ مِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ" انسانوں کی زبانوں اور رنگوں کے امتیاز تک "وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ"؛ سب کو آیات الٰہی اور اس حکمت والے خالق کی نشانیاں میں شمار کیا گیا ہے۔

ہاں! یقیناً دنیا کے موجودات کی تخلیق، وحدہ لاشریک خدا کے وجود پر واضح دلیل ہے لیکن سب لوگوں کے لئے نہیں، بلکہ ان کے لئے جو اپنی عقل اور اپنے ذہن و دماغ سے کام لیتے ہیں "...لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ"، "...لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ" اور جو لوگ اپنی فطرت کے پیغام کے سامنے تسلیم ہیں "اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ" یہ لوگ کائنات کے آئینہ میں خدا کو دیکھتے ہیں اور یقین کرتے ہیں۔

sririzvi110@gmail.com



اختیاری مشق

جو طالب علم قرآن کی آیات کے ترجمے کے سلسلہ میں زیادہ آمادگی رکھتے ہیں وہ دیئے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارت کا ترجمہ کریں۔ واضح رہے کہ مانوس کلمات کے نیچے ایک لائن کھینچی گئی ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبادتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ..... (آل عمران/۴۹)	اِنْ : اگر کُنْتُمْ : تم سب ہو، تم سب تھے
۲. اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ..... (یونس/۶۷)	یَسْمَعُوْنَ: وہ سب سنتے ہیں
۳. اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ..... (ھود/۱۰۳)	مَن: جو شخص، جو لوگ خَافَ: وہ ڈرا (وہ ڈرتا ہے) عَذَابَ الْاٰخِرَةِ: عذاب آخرت
۴. اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ..... (نمل/۵۲)	یَعْلَمُوْنَ: وہ سب جانتے ہیں

srhrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبادتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۵. وَ مِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا ..... (روم/۲۱)	اَنْفُس : خود، جان (نفس کی جمع) اَزْوَاج: ہمسر (زوج کی جمع)
۶. وَ مِنْ اٰیٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ ..... (روم/۲۳)	مَنَام : نیند، خواب بِـ : میں
۷. وَ مِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ یُّرْسِلَ الرِّیَاحَ ..... (روم/۴۶)	یُرْسِل: وہ بھیجتا ہے رِیَاح: ہوائیں
۸. وَ تَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ..... (جاثیہ/۵)	تَصْرِیْف: گردش، پھیر بدل

srhizvi110@gmail.com

دوسرا سبق

اللہ کی صفات (۱)

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔ پھر جو الفاظ آپ کے لئے مانوس ہیں اور جن کے معانی آپ جانتے ہیں، ان کو (+) کی علامت کے ذریعہ معین کیجئے:

۱. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

..... (حمد/۲)

۲. اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

..... (بقرہ/۱۴۳)

۳. اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

..... (بقرہ/۲۵۵)

۴. وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

..... (بقرہ/۲۸۲)

۵. لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

..... (آل عمران/۶)

۶. وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

..... (نساء/۱۰۶)

srhrizvi110@gmail.com

۷. اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ

..... (نحل/ ۷۰)

۸. اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌ بَصِيْرٌ

..... (فاطر/ ۳۱)


۹. اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

..... (غافر/ ۲۰)

۱۰. لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

..... (شوریٰ/ ۴)

srhrizvi110@gmail.com




مانوس الفاظ
اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ کو پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجیے؛ پھر الفاظ اور ان کے معانی کو گھر کا کوئی فرد یا آپ کا دوست آپ سے پوچھے تاکہ آپ کو اطمینان ہو جائے کہ آپ الفاظ کے معانی کو جانتے ہیں۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
اِلٰہ	معبود، خدا	بِـ	بنسبت، بارے میں، ساتھ
اِلّا	سوائے، علاوہ	بَصِیر	دیکھنے والا، بینا
حَمْد	تعریف، ستائش	حَی	زندہ، جاندار
رَبّ	پالنے والا، پروردگار	رَؤُوف	بہت مہربان
عالَمِین	کائنات (عالم کی جمع)	عَزِیز	غالب، عزت والا
عَظِیْم	بزرگ، عظیم	ناس	لوگ
کُلّ	ہر، سب، تمام	اِسْتَغْفِر	تم معافی مانگو، استغفار کرو
عَلِیّ	بلند و بالا، برتر	خَبِیر	باخبر، آگاہ
شَیء	چیز	سَمِیع	سننے والا، شنوا
حَکِیم	حکمت والا، حکیم	عِباد	بندے (عبد کی جمع)
		عَلِیم	جاننے والا، دانا
		غَفُور	بہت بخشنے والا

srhrizvi110@gmail.com

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
		قَدیر	قادر، توانا
		قَیُوم	پائدار، دائم وقائم
		کانَ	وہ ہے، تھا
		لا	نہیں، نہ
		ما	جو کہ، جو بھی، جو کچھ
		هُوَ	وہ، اس



لفظ "مَا" کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے اس کے دوسرے معانی بعد کے سبق میں آئیں گے۔

shrizvi110@gmail.com



مشق و سوالات

مشق (۱): صحیح جواب پر نشان لگائیے۔

الف ۔ لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ہے ؟

۱. اِلٰہَ:	الف ۔ معبود، خدا ❑	ب ۔ پروردگار ❑
۲. عَالَمِیْنَ:	الف ۔ کائنات ❑	ب ۔ جاننے والے ❑
۳. عَظِیم:	الف ۔ بلند و بالا ❑	ب ۔ بزرگ ❑
۴. مَا:	الف ۔ جو کہ، جو بھی ❑	ب ۔ جو شخص، ہر شخص ❑
۵. کَانَ:	الف ۔ ہوگا ❑	ب ۔ تھا، ہے ❑

ب ۔ معنی کے اعتبار سے کونسا لفظ صحیح ہے ؟

۱. سوائے، علاوہ:	الف ۔ اِلّا ❑	ب ۔ لَا ❑
۲. غالب:	الف ۔ عِزَّة ❑	ب ۔ عَزِیز ❑
۳. پروردگار:	الف ۔ اللّٰہ ❑	ب ۔ رَبّ ❑
۴. قادر، توانا:	الف ۔ قَدِیر ❑	ب ۔ خَبِیر ❑
۵. بہت بخشنے والا:	الف ۔ رَؤُوف ❑	ب ۔ غَفُور ❑

مشق نمبر(۲): عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے۔

۱. اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ السَّمِیْعُ

الف ۔ یقیناً خدا سنتا ہے ❑ ب ۔ یقیناً خدا، خود سننے والا ہے ❑

۲. اِنَّ اللّٰہَ بِعِبَادِہٖ لَخَبِیْرٌ

الف ۔ یقیناً خدا اپنے بندوں کے بارے میں آگاہ ہے ❑ ب ۔ یقیناً خدا کے بندے آگاہ ہیں ❑

shirizvi110@gmail.com

۳. اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

الف۔ یقیناً خدا ہے بہت بخشنے والا ❑ ب۔ یقیناً خدا بخشنے والا تھا ❑

۴. لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

الف۔ اس کے لئے ہے جو کچھ آسمان میں ہے ❑ ب۔ اس کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے ❑

توجہ

الف:

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيعُ	العَلِيمُ
یقیناً	خدا	وہ	سننے والا	جاننے والا ہے۔

اس جیسی عبارتوں میں "ھو" کا ترجمہ "خود" کے ذریعہ کیجئے یعنی ذیل کا ترجمہ بہتر ہے:

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيعُ	العَلِيمُ
یقیناً	خدا	خود	سننے والا	جاننے والا ہے۔

ب:

مذکورہ بالا آیت نمبر ۴ میں "لَهٗ" کا ترجمہ "اُس کے لیے" ہوگا۔ کیونکہ جیسا کہ پہلے سبق میں بیان کیا گیا ہے کہ "لِ" "لَ" میں تبدیل ہوگیا ہے لیکن اس کے معنی نہیں بدلے ہیں۔

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۳) : گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے۔

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	
۲	لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	
۳	اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ	
۴	هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ	
۵	اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ	
۶	لَخَبِيْرٌ بَصِيْرٌ	
۷	هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ	
۸	وَ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ	
۹	كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا	
۱۰	مَا فِي السَّمٰوٰتِ	

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۴) : آیتوں کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے.

۱. لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

نہیں ہے.....اس کے علاوہ جو کہ غالب اور.....ہے۔

۲. اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

یقیناً.....،خود سننے والا .....ہے۔

۳. لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

اس کے لئے ہے.....آسمانوں میں ہے اور جو کچھ.....میں ہے اور وہ بلند و بالا،.....ہے۔

۴. وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

اور خدا.....چیز کے بارے میں.....ہے۔

مشق نمبر(۵): پہلے سے چوتھے نمبر کی مشق حل کرنے کے بعد اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی عبارتوں اور آیتوں کے ترجمہ کی باری ہے۔ ہر آیت کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

srhrizvi110@gmail.com

اللہ کی صفات (۱)

ہم میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ اس خدا کی معرفت حاصل کرے جس کی ہم عبادت کرتے ہیں اور جس کی خاطر جان دینے کے لئے تیار ہیں، ہم اس کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں، لیکن کیا یہ ہوسکتا ہے کہ ہم جیسا ناقص وجود اس جیسے کامل وجود کو اس طرح پہچان سکے جس طرح وہ ہے؟ نہیں! یہ ہرگز ممکن نہیں ہے۔ اسی لئے خداوند عالم اپنے آپ کو انسان کی ناقص توصیف وتعریف سے منزہ اور پاک گردانتا ہے اور ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کس طرح اس کی تعریف وتوصیف کریں۔

معصومین علیہم السلام نے ہمیں ذات خدا کے بارے میں سوچنے سے روکا ہے لیکن اس کی صفات کو اجمالی طور پر سمجھنے کی ترغیب دی ہے۔

خدا کی کچھ صفات سبق کی آیتوں میں ذکر ہوئی ہیں۔

سب سے پہلی آیت میں خدا کی دو صفتیں یعنی "بڑا مہربان" اور "نہایت رحم کرنے والا" ذکر ہوئی ہیں " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ " وہ غلبہ والا اور حکمت والا ہے " لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ " ہم اس خدا کی عبادت کرتے ہیں جو ہر چیز کو سنتا اور دیکھتا ہے " اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ " خدا نے اپنے بے نہایت علم اور اپنی بے پایاں قدرت سے موجودات کو خلق کیا ہے " اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ " کوئی بھی بندہ اس کے دائرہ نگاہ سے باہر نہیں ہوسکتا اور وہی ہے جو ان کے حال سے باخبر ہے " اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌ بَصِيْرٌ "۔

جس خدا نے ہمیں زندگی بخشی وہ خود سرچشمہ زندگی ہے اور صرف وہ ہے جو پائدار ہے " اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ "۔

srhrizvi110@gmail.com

بلندی و برتری صرف خدا کے لئے ہے اور جو بھی عظمت و بزرگی کی تلاش میں ہے اسے اس پر تکیہ کرنا چاہئے "وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ"۔

بے نہایت قدرت اور توانائی ہونے کے باوجود وہ اپنے بندوں پر بہت مہربان اور رحم کرنے والا ہے "اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوْفٌ رَّحِیْمٌ"۔

srhrizvi110@gmail.com



اختیاری مشق

جیسا کہ پہلے سبق میں کہا گیا ہے کہ اختیاری مشق آیات کے ترجمے کے لیے زیادہ آمادگی پیدا کرتی ہے؛ لہٰذا دیے ہوئے الفاظ کے معانی سے استفادہ کرتے ہوئے آیات کا ترجمہ کریں۔ واضح رہے کہ مانوس کلمات کے نیچے ایک لائن کھینچی گئی ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ..... (بقرہ/۱۹۹)	اِسْتَغْفِرُوا: تم سب مغفرت چاہو، تم سب معافی مانگو
۲. بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ..... (آل عمران/۲۶)	يَد: ہاتھ كَ: تو، تم علیٰ: پر، اوپر خَير: خوبی، اچھائی، بہترین
۳. وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ..... (انعام/۱۳)	سَكَنَ: وہ ٹھہرا ہے، رکا ہے، ساکن ہے
۴. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ..... (طٰہٰ/۸)	اَسْمَاءُ: نام (اسم کی جمع) حُسْنٰی: بہترین، سب سے اچھے

srhrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۵. لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ..... (حج/۶۴)	غَنِیّ : بے نیاز حَمِیْد : لائق تعریف، جس کی تعریف کی جائے
۶. اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ..... (زمر/۶۲)	خَالِق : پیدا کرنے والا، خلق کرنے والا وَكِیل : نگہبان، کارساز
۷. وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ..... (فتح/۴)	جُنُود : سپاہی (جمع)
۸. هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ..... (حشر/۲۲)	اَلَّذِی : جو، جس عَالِم : جاننے والا، دانا غَیب : چھپا ہوا، مخفی شَهَادَة : واضح، سامنے کا

sibtrizvi110@gmail.com

تیسرا سبق

اللہ کی صفات (۲)

محترم متعلّمین قرآن!

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے۔ پھر جو الفاظ آپ کے لئے مانوس ہیں اور جن کے معانی آپ جانتے ہیں، ان کو (+) کی علامت کے ذریعہ معین کیجئے:

۱. مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ

..... (حمد/۴)

۲. یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

..... (بقرہ/۲۱)

۳. هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا

..... (بقرہ/۲۹)

۴. وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

..... (بقرہ/۱۶۳)

۵. وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

..... (بقرہ/۲۱۳)

۶. اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ

..... (آل عمران/۵۱)

srhrizvi110@gmail.com

۷. وَ اللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ

..... (آل عمران/۶۸)

۸. وَ لِلّٰهِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

..... (آل عمران/۱۸۹)

۹. وَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَهُ الدِّیْنُ

..... (نحل/۵۲)

۱۰. لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰی وَ الْاٰخِرَةِ وَ لَهُ الْحُکْمُ

..... (قصص/۷۰)

srhrizvi110@gmail.com



مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

ان الفاظ کے لئے بھی پہلے کی طرح کسی ساتھی سے مدد لینا یا گھر کے کسی فرد کے ساتھ ڈسکشن کرنا نہ بھولئے گا۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
آخِرَة	آخرت، قیامت	جَمیعًا	سب کا (کی، کے) سب
دین	دین، بدلہ، جزا	قَبْل	پہلے
مالِک	مالک، صاحب اختیار	اُعْبُدُوا	تم سب عبادت کرو
صِراط	راہ، راستہ	إلیٰ	تک، طرف
مُسْتَقیم	سیدھا، راست	اُولیٰ	دنیا، پہلی
وَاحِد ۔ وَاحِدة	ایک، (اکیلا)	مَنْ	جو، جس
یَوْم	دن، روز	وَلِی	سرپرست، دوست
حُکْم	حکومت، قضاوت، فیصلہ، حکم	هٰذا ۔ هٰذِهِ	یہ
		ی	میرا، مجھے
		یا ۔ یاأَیُّها ۔ أَیُّها	اے (حرف ندا)
		یَشاء	وہ چاہتا ہے
		یَهْدِی	وہ ہدایت کرتا ہے
		اَلَّذی	جو، جس
		اَلَّذینَ	جولوگ
		مُلْک	فرمانروائی، حکمرانی

srhrizvi110@gmail.com



مشق و سوالات

مشق (۱) : صحیح جواب پر نشان لگائیے.

الف: لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ھے ؟

۱. جَمِیعًا :	الف - سب کا سب	☐	ب - ہم سب	☐
۲. دین :	الف - قیامت	☐	ب - دین، بدلہ	☐
۳. ھٰذا :	الف - یہ	☐	ب - وہ	☐
۴. مُلْک :	الف - زمین	☐	ب - حکمرانی	☐
۵. اَلَّذِینَ :	الف - جو لوگ	☐	ب - جو چیزیں	☐

ب: معنی کے اعتبار سے کونسا لفظ صحیح ھے؟

۱. راستہ :	الف - صِرَاط	☐	ب - سُبُل	☐
۲. ایک، اکیلا :	الف - ھُوَ	☐	ب - وَاحِد	☐
۳. جو، جس :	الف - اَلَّذِینَ	☐	ب - اَلَّذِی ، مَنْ	☐
۴. طرف، تک :	الف - اِلیٰ	☐	ب - اُولیٰ	☐
۵. دن، روز :	الف - اَیّام	☐	ب - یَوم	☐

مشق نمبر(۲) : عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے.

۱. وَ اللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ

الف - اور خدا سرپرستی کرتا ہے مومنین کی ☐ ب - اور خدا سرپرست ہے مومنین کا ☐

۲. مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ

الف - حکمرانی آسمانوں اور زمین کی ☐ ب - حکمرانی آسمانوں اور زمین کے لئے ☐

sihizvi110@gmail.com

۳. هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

الف ۔ خدا جو کہ مہربان اور رحم کرنے والا ہے ❑ ب ۔ وہ ہے بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ❑

۴. وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

الف ۔ اور جو لوگ ان سے پہلے ❑ ب ۔ اور جو لوگ تم سب سے پہلے تھے ❑

۵. لَهُ الدِّيْنُ ۔ وَ لَهُ الْحُكْمُ

الف ۔ اس کے لئے ہے دین ۔ اور اس کے لئے ہے حکومت ❑

ب ۔ اس کے لئے ہے بدلہ ۔ اور اس کے لئے ہے احکام ❑

مشق نمبر(۳): گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے۔

نمبر شمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَ اللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ	
۲	وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	
۳	هُوَ الَّذِي خَلَقَ	
۴	مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا	
۵	اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	
۶	لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	
۷	اُعْبُدُوا رَبَّكُمْ	
۸	الَّذِيْ خَلَقَكُمْ	
۹	اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ	
۱۰	هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ	

srhrizvi1100@gmail.com

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱۱	وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ	
۱۲	لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى	

مشق نمبر(۴): آیتوں کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے .

۱. وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

اور.....کے لئے ہے.....آسمانوں اور.....کی۔

۲. يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ

اے لوگو!.....کرو اپنے.....کی جس نے.....تم سب کو۔

۳. وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اور خدا.....جس کو.....سیدھے.....کی طرف۔

۴. لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ وَ لَهُ الْحُكْمُ

.....کے لئے .....ہے دنیا میں اور.....میں اور اس کے لئے .....ہے۔

مشق نمبر(۵): چار مشقیں حل کرکے آپ تمام الفاظ کے معانی کو یاد کرچکے ھیں۔ لھٰذا اب سبق کے شروع میں آئی ھوئی تمام قرآنی آیات کا لفظ بلفظ اور الگ الگ ترجمہ کیجئے۔

srhrizvi110@gmail.com

اللہ کی صفات (۲)

۶۔ **ذکر:** قرآن، تذکرہ اور یاددہانی کی کتاب ہے۔انسان کو اپنے نفس کی، خدا کی، نعمتِ الٰہی کی اور قیامت کی یاد دلاتا ہے۔اسے خوابِ غفلت سے بیدار کرتا ہے اور انسان کی مادی و روحانی ترقی کی راہوں کی نشاندہی کرتا ہے: " اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ "

۷۔ **غور و خوض کی کتاب:** قرآن کی باتوں میں غور و خوض کرنا چاہئے اور سعادت تک پہنچنے کے لئے اس کے وسیع علوم سے استفادہ کرنا چاہئے: " كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْا اٰيٰتِهٖ "

srhrizvi110@gmail.com



اختیاری مشق

قرآن کے ترجمہ اور اس کے معانی کے لحاظ سے جو طالب علم زیادہ معلومات رکھتے ہیں وہ دیے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارت کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ..... (یونس/ ۵۷)	جَاءَتْ: آئی صُدُوْرُ: سینہ (صدر کی جمع)
۲. الٓرٰ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ..... (ابراھیم/ ۱)	
۳. قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هُدًى وَ بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ..... (نحل/ ۱۰۲)	رُوْحُ الْقُدُسِ: جبرئیلؑ يُثَبِّتَ: وہ استوار کرے، وہ استوار کرتا ہے
۴. اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَ يُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ ..... (بنی اسرائیل/ ۹)	يُبَشِّرُ: وہ بشارت دیتا ہے يَعْمَلُوْنَ: وہ سب انجام دیتے ہیں

srhrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۵. وَ مَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ مَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ..... (یٰس/ ۶۹)	مَا: نہیں (حرف نفی) عَلَّمْنَا: ہم نے سکھایا شِعْر: شعر يَنْۢبَغِي: وہ شان کے لائق ہے، مناسب ہے
۶. وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ..... (قمر/ ۱۷)	يَسَّرْنَا: ہم نے آسان کیا هَل: کیا؟ مِنْ: کوئی مُدَّكِر: نصیحت لینے والا لِلذِّكْرِ: نصیحت حاصل کرنے کے لیے
۷. اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۞ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ..... (واقعہ/ ۷۷، ۷۹)	كَرِيْم: رتبہ والا، عظیم، بزرگ، قابل قدر لَا يَمَسُّ: وہ سب نہیں چھوتا ہے، چھوتے ہیں مُطَهَّرُوْن: پاک و پاکیزہ افراد

توجہ

چھٹی آیت میں ترجمہ کی سہولت کے لئے لفظ "مِنْ" کا ترجمہ نہ کیجئے۔

srnrizvi110@gmail.com

بارھواں سبق

قرآن میں توریت اور انجیل

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے

۱. وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَا اُنْزِلَ عَلَيْنَا

..... (بقرہ/ ۹۱)

۲. وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۞ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ

..... (آل عمران/ ۳-۴)

۳. وَ يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِيْلَ

..... (آل عمران/ ۴۸)

۴. اِنَّا اَنْزَلْنَا التَّوْرٰةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ

..... (مائدہ/ ۴۴)

۵. وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰةِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ

..... (مائدہ/ ۴۶)

۶. وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

..... (مائدہ/ ۴۷)

۷. وَ لَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَا اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ

..... (مائدہ/ ۶۶)

srhrizvi110@gmail.com

۸. اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ اذْکُرْ نِعْمَتِی عَلَیْکَ وَ عَلٰی وَالِدَتِکَ


..... (مائدہ/ ۱۱۰)

۹. وَ اِذْ عَلَّمْتُکَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَ التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِیْلَ

..... (مائدہ/ ۱۱۰)

۱۰. وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا فِی التَّوْرٰةِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْآنِ

..... (توبہ/ ۱۱۱)



۱. پانچویں آیت کے اندر "مُصَدِّقاً لِمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ" میں "التَّوْرَاةِ" کا ترجمہ "مَا بَیْنَ یَدَیْهِ" سے پہلے کریں اور ترجمہ کی سہولت کے "مِن" کا ترجمہ نہ کریں۔

۲. "هُمُ" کا ترجمہ چھٹی آیت میں "خود" کے ذریعہ کیجئے۔ نیز "وَلْیَحْکُمْ" کے یوں معنی کیجئے: اور وہ سب فیصلہ کریں۔

۳. ترجمہ کی سہولت کے لئے ساتویں آیت میں "اَنَّ" کا ترجمہ نہ کیجئے۔

۴. کلمہ "حَقًّا" صفت ہے "وَعْدًا: وعدہ" کے لیے، لہٰذا "عَلَیْهِ" کے معنی "حَقًّا" کے بعد کیجئے۔

shrizvi110@gmail.com




مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

ان الفاظ کے لئے بھی پہلے کی طرح کسی ساتھی سے مدد لینا یا گھر کے کسی فرد کے ساتھ مباحثہ کرنا نہ بھولئے گا۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
اِنْجِیل	انجیل	اَقَامُوا	انھوں نے برپا کیا، قائم کیا
اَھْل	اہل، والا (واحد اور جمع)	اَنَّ	کہ، یہ کہ
تَوْرٰۃ	توریت	اُولٰئِکَ	وہ لوگ، یہ لوگ
وَالِدَۃ	ماں، والدہ	عَلَّمْتُ	میں نے تعلیم دی، میں نے سکھایا
		فُرْقَان	قرآن، حق و باطل کو جدا کرنے والا
		قَالُوا	انھوں نے کہا
		قِیلَ	کہا گیا
		(لَم) یَحْکُمْ	اس نے فیصلہ (نہیں) کیا
		لَوْ	اگر، چنانچہ، کاش، اگرچہ
		نُؤْمِنُ	ہم ایمان لاتے ہیں، لائیں گے
		ھا	وہ (مؤنث کے لئے)
		وَعْد	وعدہ
		وَلْیَحْکُمْ	اور وہ فیصلہ کرے، اور وہ سب فیصلہ کریں
		فَاسِقُونَ (فَاسِقِینَ)	نافرمان لوگ
		یُعَلِّمُ	وہ تعلیم دیتا ہے، وہ سکھاتا ہے

srhrizvi110@gmail.com



- مضارع پر اگر "لم" داخل ہو جائے تو اس کے معنیٰ کو ماضی منفی کے معنیٰ میں تبدیل کر دیتا ہے، جیسے "یَحْکُمُ"، یعنی وہ حکم کرتا ہے یا وہ فیصلہ کرے گا اور "لَمْ یَحْکُمْ"، یعنی اس نے حکم نہیں کیا۔
- قرآن میں لفظ "حکم" کئی معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ مثلاً فیصلہ، نبوت، فرمان، علم، قرآن اور حکم کرنا۔
- "لو" اگر "و" کے ساتھ استعمال ہو یعنی جملہ میں "ولو" آجائے تو اس کا ترجمہ "اگرچہ" یا "چاہے" ہوگا۔



srhrizvi110@gmail.com



مشق و سوالات

مشق (۱): صحیح جواب پر نشان لگائیے .

الف: لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ھے ؟

۱. اَقَامُوا - نُؤمِنُ :

الف - ہم نے قیام کیا - ہم ایمان لائے ❑ ب - انھوں نے برپا کیا - ہم ایمان لائیں گے ❑

۲. هَا - لَوْ :

الف - وہ (مؤنث) - اگر ❑ ب - ہاں - اگر ❑

۳. عَلَّمْتُ - يُعَلِّمُ :

الف - میں نے سیکھا - وہ سیکھتا ہے ❑ ب - میں نے سکھایا - وہ سکھاتا ہے ❑

۴. يَحْكُمُ - وَلْيَحْكُمْ :

الف - وہ فیصلہ کرے گا - اور وہ فیصلہ کرے ❑ ب - اسے فیصلہ کرنا چاہئے - وہ فیصلہ کرے گا ❑

۵. اَنَّ - وَعْد :

الف - کہ - اس نے وعدہ کیا ❑ ب - کہ - وعدہ ❑

ب: معنی کے اعتبار سے کونسا لفظ صحیح ھے ؟

۱۔ نافرمان لوگ - اہل :

الف - كَافِرِينَ - بِنْت ❑ ب - فَاسِقُونَ - اَهْل ❑

۲ حق و باطل کو جدا کرنے والا - ان لوگوں نے برپا کیا :

الف - فُرْقان - اَقَامُوا ❑ ب - قُرْآن - اَقَامُوا ❑

srhizvi110@gmail.com

۳ اس نے فیصلہ نہیں کیا۔ اور وہ فیصلہ کریں:

الف۔ لَمْ یَحْکُمُ۔ وَلْیَحْکُمُ ❑ ب۔ وَلْیَحْکُمُ۔ لَمْ یَحْکُمُ ❑

۴ یقیناً۔ کہ:

الف۔ اَنَّ۔ اِنَّ ❑ ب۔ اِنَّ۔ اَنَّ ❑

۵۔ انبیاء۔ ماں:

الف۔ نَبِیِّیْنَ۔ وَالِد ❑ ب۔ نَبِیُّوْنَ۔ وَالِدَة ❑

مشق نمبر(۲): عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے۔

۱. یَحْکُمُ بِهَا النَّبِیُّوْنَ

الف۔ فیصلہ کرتے ہیں اس کے ذریعہ انبیاء ❑

ب۔ فیصلہ کرتے ہیں اس کا، انبیاء ❑

۲. مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ

الف۔ تصدیق کرتا ہے اس کی جو اس سے پہلے تھا ❑

ب۔ تصدیق کرنے والا اسکی جو اس کے سامنے ہے ❑

۳. اُذْکُرْ نِعْمَتِیْ عَلَیْکَ وَ عَلٰی وَالِدَتِکَ

الف۔ میں یاد کرتا ہوں اپنی نعمت کو (جو) تجھ پر اور تیرے باپ پر (نازل ہوئی) ❑

ب۔ تم یاد کرو میری نعمت کو (جو) تم پر اور تمہاری ماں پر (نازل ہوئی) ❑

۴. وَ لَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَ الْاِنْجِیْلَ

الف۔ اور اگر وہ لوگ قائم کرتے توریت اور انجیل (کے حکم) کو ❑


ب۔ اور اگر قائم کرتے توریت اور انجیل (کے حکم) کو ❑

۵. وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا فِی التَّوْرٰةِ وَ الْاِنْجِیْلِ

الف۔ یہ وعدہ ہے اس پر برحق، توریت اور انجیل میں ❑

ب۔ وعدہ دیا اس پر توریت و انجیل کے حقائق کا ❑

srhrizvi110@gmail.com



توجہ

- (یَحکُمُ: وہ فیصلہ کرتا ہے) کا ترجمہ یہاں "وہ فیصلہ کرتے ہیں" ہوگا چونکہ اس کا فاعل "انبیاء" ہے جو جمع کا صیغہ ہے۔
- یہاں پر "اَقامُوا" کا ترجمہ "انھوں نے قائم کیا" کے بجائے "وہ قائم کرتے" ہوگا چونکہ اس سے پہلے لفظ "لَو" موجود ہے۔

مشق نمبر(۳): گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے۔

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	اِنَّا اَنْزَلْنَا التَّوْرٰةَ	
۲	فِیْهِ هُدًی وَّ نُوْرٌ	
۳	وَ آتَینَاهُ الْاِنْجِیْلَ	
۴	وَ هُدًی وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِیْنَ	
۵	یُعَلِّمُهُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَةَ	
۶	وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِیْلَ	
۷	قَالَ اللّٰهُ یَاعِیْسٰی ابْنَ مَرْیَمَ	
۸	اُذْکُرْ نِعْمَتِیْ عَلَیْکَ	
۹	وَ اِذْ عَلَّمْتُکَ الْکِتٰبَ	
۱۰	وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ	
۱۱	وَلْیَحْکُمْ اَهْلُ الْاِنْجِیْلِ	

srhrizvi110@gmail.com

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱۲	وَ مَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ	
۱۳	فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ	
۱۴	وَ مَا اُنْزِلَ اِلَیْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ	
۱۵	وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا	
۱۶	نُؤْمِنُ بِمَا اُنْزِلَ عَلَیْنَا	

مشق نمبر(۴): آیتوں کو پڑھ کر ان کا ترجمہ مکمل کیجئے۔

۱. فِیْهَا هُدًی وَّ نُوْرٌ یَحْکُمُ بِهَا النَّبِیُّوْنَ

.....ہے ہدایت اور.....فیصلہ کرتے ہیں.....انبیاء۔

۲. مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ التَّوْرٰةِ وَ هُدًی وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِیْنَ

تصدیق کرنے والا ہے ..... جو اس کے سامنے ہے اور ..... اور

.....تقویٰ والوں کے لئے۔

۳. وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَ الْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًی لِّلنَّاسِ

اور.....توریت اور .....(قرآن سے) پہلے، .....کے لئے۔

۴. اُذْکُرْ نِعْمَتِیَ عَلَیْکَ وَ عَلٰی وَالِدَتِکَ

یاد کرو.....نعمت.....پر اور.....پر۔

۵. وَ مَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

اور جنھوں نے .....، اُس کے ذریعہ جو.....خدا نے، تو وہ سب.....ہیں۔

مشق نمبر(۵): اب سبق کے شروع میں آئی ہوئی قرآنی عبارتوں کے ترجمہ کی باری ہے لہٰذا ان کا لفظ بلفظ اور الگ الگ ترجمہ کیجئے۔

srhizvi110@gmail.com

قرآن کی زبان

الفاظ کا وزن

گیارھویں سبق میں یہ بات آچکی ہے کہ ہم وزن الفاظ ان الفاظ کو کہتے ہیں جن کے حروف اصلی تو الگ الگ ہیں لیکن ان میں پائے جانے والے حروف زائد کی تعداد اور ترتیب ایک طرح کی ہے اور وہ زبر زیر پیش میں بھی ایک جیسے ہیں۔ اسی طرح ان کے تلفظ کا آہنگ بھی ایک جیسا ہے۔

اس سبق میں الفاظ کا وزن معلوم کرنے کا طریقہ بیان کیا جا رہا ہے۔ لہٰذا ان مثالوں پر توجہ کریں:

۱. رَازِق - عَالِم - مَالِک.

۲. مَحْمُود - مَنْصُور - مَیْسُور.

۳. عَلِیم - حَلِیم - خَبِیر.

پہلے گروہ کے الفاظ کے اصلی حروف بالترتیب اس طرح ہیں: ر ز ق - ع ل م - م ل ک.

الفاظ کے وزن معلوم کرنے کے لئے اصلی حروف کو بنیاد بنانا کافی ہوگا۔ اس طرح سے کہ پہلے اصلی حرف کے مقابل میں "ف" کو قرار دیں گے اسی طرح دوسرے حرف اصلی کے مقابل میں "ع" کو اور تیسرے حرف اصلی کے مقابلے میں "ل" کو رکھیں گے اور سارے کے سارے زائد حروف کو اپنی ترتیب کے ساتھ "ف ــ ع ــ ل" کے آگے پیچھے لے آئیں گے۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے گروہ کے الفاظ کے وزن معلوم کرنے کے لیے بھی یہی طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ جس کی وضاحت یوں ہے:

srhrizvi110@gmail.com

گروہ		ہم وزن الفاظ		الفاظ کا وزن
الف	ر ا زِ ق ف ا عِ ل	عـــالِـــم ف ا عِ ل	مـــــالِك ف ا عِ ل	فَـــاعِـــل
ب	مَـحْـمـود مَ فْ ع و ل	مَـنْـصـور مَ فْ ع و ل	مَيْـــسـور مَ فْ ع و ل	مَـــفْـعُـول
ج	عَـلِـيـم فَ عِ ی ل	حَـلِـــيـم فَ عِ ی ل	خَبِـــيـر فَ عِ ی ل	فَـــعِـيـــل

آپ نے ملاحظہ کیا کہ بیان شدہ طریقہ کو بروئے کار لا کر معلوم ہو گیا کہ پہلے گروہ کے الفاظ "فَاعِل" کے وزن پر، دوسرے گروہ کے الفاظ "مَفْعُول" کے وزن پر اور تیسرے گروہ کے الفاظ "فَعِیل" کے وزن پر ہیں۔

مشق: نیچے لکھے ہوئے الفاظ کے حروف اصلی کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے ساتھی یا اپنے گھر کے کسی فرد کے ساتھ مل کر، ان کے وزن بتائیے۔

الفاظ	اصلی حروف	وزن	الفاظ	اصلی حروف	وزن
كَفَرُوا	ک ف ر	فَعَلُوا	كَافِرُوْنَ	ک ف ر	.....
خَتَمَ	خ ت م	.....	نَعْبُدُ	ع ب د	.....
اَلِيم	ا ل م	.....	اَنْعَمْتَ	ن ع م	اَفْعَلْتَ
خَالِق	خ ل ق	.....	مَغْضُوْب	غ ض ب	.....
نَاصِرِيْن	ن ص ر	.....	كِتَاب	ک ت ب	.....
حَمِدَ	ح م د	.....	رَزَقْنَا	ر ز ق	.....
عَظِيْم	ع ظ م	.....	مُفْلِحُوْن	ف ل ح	.....
رَحْمٰن	ر ح م	فَعْلَان	صِرَاط	ص ر ط	.....

srhrizvi110@gmail.com

قرآن میں توریت اور انجیل

دو آسمانی کتابوں یعنی توریت اور انجیل کو خدائے مہربان نے انسانوں کی ہدایت کے لئے دو اولوالعزم پیغمبروں یعنی حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ پر نازل فرمایا تھا۔

توریت اور انجیل میں تحریف

رفتہ رفتہ یہ کتابیں یہودیوں کے ہوا پرست علماء کے ہاتھوں تحریف ہوگئیں۔

توریت اور انجیل دونوں قرآن کی طرح لوگوں کے لئے ہدایت اور تقویٰ والوں کے لئے وعظ و نصیحت تھیں۔ سورۂ مائدہ کی ۴۴ ویں آیت میں خداوند عالم توریت کو ہدایت اور نور پر مشتمل کتاب کے عنوان سے متعارف کراتا ہے۔ اس آیت کے مطابق بنی اسرائیل کے انبیاء توریت کی بنیاد پر لوگوں کے اوپر حکومت کرتے تھے اور اسی کی بنیاد پر ان کے درمیان فیصلہ کرتے تھے: "اِنَّا اَنْزَلْنَا التَّوْرٰةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ"

قرآن کی بعض آیتوں میں انجیل کو بھی ہدایت اور نور نیز توریت کی تصدیق کرنے والی کتاب کہا گیا ہے:

"وَاٰتَيْنَاهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰةِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ"

آسمانی کتابوں کے اوصاف کا موازنہ

آسمانی کتب توریت و انجیل کے اوصاف اور قرآن مجید کی خصوصیات کا ایک دوسرے سے موازنہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ تمام آسمانی کتابوں میں ایک جیسے اصول موجود تھے جن سے انسان کو ہدایت ملتی ہے۔ اسی وجہ سے ہر پیغمبر اپنے سے پہلے پیغمبر کی تصدیق کرنے والا رہا ہے۔

sibtrizvi110@gmail.com

قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق اگر عیسائی چاہتے ہیں کہ گنہگار اور نافرمان شمار نہ کئے جائیں تو انجیل میں آئے ہوئے احکام پر عمل کریں: "وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۚ وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ "

اهل کتاب کا حقیقی هدایت سے دور هونا

چونکہ اہل کتاب من جملہ عیسائیوں نے انجیل میں تحریف کی اس لئے راہ ہدایت سے دور ہو گئے۔ کیونکہ اگر مثلاً انجیل پر عمل کرتے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنے کے سلسلے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خوشخبری کو ضرور قبول کرتے اور خدا کے آخری پیغمر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انسانیت کے لئے مکمل ترین نظام لانے والے پر ضرور ایمان لاتے۔

srhrizvi110@gmail.com



اختیاری مشق

قرآن کے ترجمہ اور اس کے معانی کے لحاظ سے جو طالب علم زیادہ معلومات رکھتے ہیں وہ دیے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارت کا ترجمہ کریں۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ مانوس کلمات کے نیچے ایک لائن کھینچی گئی ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ..... (آل عمران/ ۶۵)	لِمَ تُحَاجُّوْن: تم سب کیوں بحث کرتے ہو؟ وَ: درحالیکہ، جبکہ مَا اُنْزِلَت: وہ نازل نہیں ہوئی
۲. كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰي نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ..... (آل عمران/ ۹۳)	طَعَام: کھانا حِلّ: حلال حَرَّمَ: اس نے حرام کیا (اَن) تُنَزَّلَ: وہ نازل کی جائے، وہ نازل ہو
۳. قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ ..... (آل عمران/ ۹۳)	فَاْتُوا بِـ: پس تم سب لاؤ اُتْلُوا: تم سب پڑھو، تم سب تلاوت کرو

srhrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۴. قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ..... (مائدہ/۶۸)	لَسْتُمْ: تم لوگ نہیں ہو (لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ: نہیں ہو کسی [حق] چیز پر) حَتّٰى: یہاں تک کہ، تا کہ تُقِيْمُوا: تم لوگ برپا کرو، تم لوگ قائم کرو
۵. اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ ..... (اعراف/۱۵۷)	يَتَّبِعُوْنَ: وہ سب پیروی کرتے ہیں يَجِدُوْنَ: وہ لوگ پاتے ہیں مَكْتُوْب: لکھا ہوا
۶. اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ..... (توبہ/۱۱۱)	اِشْتَرٰى: اس نے خریدا اَمْوَال: مال، ثروت (جمع) جَنَّة: جنت، بہشت
۷. يُقٰتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ..... (توبہ/۱۱۱)	يُقَاتِلُوْنَ: وہ سب جنگ کرتے ہیں، جہاد کرتے ہیں سَبِيْل: راہ، راستہ، طریقہ يَقْتُلُوْنَ: وہ سب قتل کرتے ہیں يُقْتَلُوْن: وہ سب قتل کئے جاتے ہیں
۸. وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰةِ ..... (صف/۶)	بَيْنَ يَدَيَّ: (جو) میرے سامنے ہے

sirizvi.10@gmail.com

چوتھا حصہ

ولایت

srhrizvi110@gmail.com

- تیرھواں سبق: اللہ کی مالکیت اور حکمرانی
- چودھواں سبق: اللہ کی ہدایت
- پندرھواں سبق: اللہ کی ولایت
- سولھواں سبق: انبیاء و اوصیاء کی ولایت

تیرھواں سبق

اللہ کی مالکیت اور حکمرانی

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے :

۱. وَ اللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ وَ اللّٰهُ وٰسِعٌ عَلِيْمٌ

..... (بقرہ/۲۴۷)

۲. وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

..... (مائدہ/۱۷)

۳. وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ

..... (مائدہ/۱۸)

۴. اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ

..... (توبہ/۱۱۶)

۵. اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

..... (یونس/۵۵)

۶. وَ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ لَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ

..... (نحل/۵۲)

۷. وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْئًا

..... (نحل/۷۳)

srhrizvi110@gmail.com

۸. فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

..... (مؤمنون / ۱۱۶)

۹. قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفٰعَةُ جَمِيْعًا لَّهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

..... (زمر / ۴۴)

۱۰. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۞ مَلِكِ النَّاسِ ۞ اِلٰهِ النَّاسِ

..... (ناس / ۱ — ۳)


srlrizvi110@gmail.com

توجہ اور خوشخبری

۱۔ چوتھی آیت میں دوسرے "مِنْ" کا ترجمہ "کوئی" کے ذریعہ کیجئے۔

۲۔ شاید آپ کو یقین نہ آئے کہ کتاب کا تیسرا حصہ پڑھ کر آپ قرآن کے تقریباً ۴۶۳۰۰ الفاظ سے آشنا ہو گئے ہیں۔ یعنی قرآن کے ۶۲ فیصد سے زیادہ الفاظ کا ترجمہ کر سکتے ہیں!

اور اِن شاء اللہ اس جلد کے اختتام پر خدا کی مدد اور اپنی سعی و کوشش کے ساتھ تقریباً ۲۶۶۹ / دیگر الفاظ سے آشنا ہو جائیں گے لہٰذا خوشخبری اور مبارکباد کا مقام ہے۔



مانوس الفاظ اور نئے الفاظ

گزشتہ اسباق کی طرح الفاظ خصوصاً نئے الفاظ کے معانی ایک دوسرے سے پوچھنا، الفاظ اور معانی یاد کرنے میں بہت بڑا مددگار ہوگا۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
اَکْثَر	زیادہ، اکثر	مَلِک	فرمانروا، حاکم
رِزْق	رزق، روزی	اَعُوذُ	میں پناہ مانگتا ہوں (مذکر اور مؤنث)
عَرْش	عرش، تخت	اَلَا	آگاہ ہو جاؤ، خبردار
غَیْر	غیر، علاوہ، نہیں	تَتَّقُونَ	تم سب تقویٰ اختیار کرتے ہو، تم سب ڈرتے ہو
شَفَاعَة	شفاعت، سفارش		
کَرِیم	کریم، رتبہ والا، قابل قدر	تُرْجَعُونَ	تم سب پلٹائے جاؤ گے
		تَعَالَیٰ	وہ بلند و برتر ہے
		مَصِیر	بازگشت، پلٹ، واپسی
		نَصِیر	یاور، مددگار
		واسِع ۔ واسِعَة	گنجائش والا، وسیع، پھیلا ہوا
		وَاصِب	پائدار، محکم
		یُؤتِی	وہ دیتا ہے

smrizvi110@gmail.com

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
		يَخْلُقُ	وہ خلق کرتا ہے، پیدا کرتا ہے
		يَعْبُدُونَ	وہ سب عبادت کرتے ہیں
		يَعْلَمُونَ	وہ سب جانتے ہیں
		يَمْلِكُ	وہ مالک ہے، صاحب اختیار ہے
		أَ	کیا؟

srhrizvi110@gmail.com



مشق و سوالات

مشق نمبر(۱): صحیح جواب پر نشان لگائیے۔

الف: لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ھے؟

۱. اَ۔ اَلا۔ تَعالیٰ:

الف۔ کیا۔ بلند و برتر ہے۔ آگاہ ہو جاؤ ❑

ب۔ کیا۔ آگاہ ہو جاؤ۔ وہ بلند و برتر ہے ❑

۲. تَتَّقُوْنَ ۔ یَعْبُدُوْنَ ۔ یَعْلَمُوْنَ:

الف۔ تم سب تقویٰ اختیار کرتے ہو۔ وہ سب عبادت کرتے ہیں۔ وہ سب جانتے ہیں ❑

ب۔ ان سب نے تقویٰ اختیار کیا۔ تم سب عبادت کرتے ہو۔ تم سب جانتے ہو ❑

۳. کَرِیم ۔ مَصِیر ۔ نَصِیر:

الف۔ بزرگ ۔ واپسی ۔ مددگار ❑

ب۔ عظیم۔ راستہ ۔ مدد ❑

۴. یَخْلُقُ ۔ یُؤْتِی ۔ تُرْجَعُوْنَ:

الف۔ اس نے خلق کیا۔ اس نے دیا۔ تم سب پلٹو گے ❑

ب۔ وہ خلق کرتا ہے ۔ وہ دیتا ہے۔ تم سب پلٹائے جاؤ گے ❑

۵. وَاسِع ۔ وَاصِب ۔ اَعُوْذُ:

الف۔ پایدار۔ وسیع۔ میں نے پناہ مانگی ❑

ب۔ گنجائش والا۔ پائدار۔ میں پناہ مانگتا ہوں ❑

srhrizvi110@gmail.com

ب: معنی کے اعتبار سے کونسے جملے صحیح ھیں ؟

۱ اوراس کے لئے ہے پائداردین

الف ۔ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ❑ ب ۔ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ❑

۲ وہ مالک نہیں ہے ان کے لئے روزی کا

الف ۔ لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا ❑ ب ۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ❑

۳ پس بلند و برتر ہے وہ خدا جو برحق فرمانروا ہے

الف ۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ❑ ب ۔ وَ اللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ❑

۴ کہہ دو کہ خدا کے لئے ہے سب کی سب شفاعت

الف ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ❑ ب ۔ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ❑

۵ اور خدا دیتا ہے اپنی حکمرانی جسے وہ چاہتا ہے

الف ۔ وَ اللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ❑ ب ۔ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ❑

مشق نمبر(۲): عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے.

۱. اَ فَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ

الف ۔ تو کیا غیر خدا سے تم سب ڈرتے ہو ❑

ب ۔ تو کیا غیر خدا پر ایمان لاتے ہو ❑

۲. وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

الف ۔ اور عبادت کرتے ہو غیر خدا کی ❑

ب ۔ اور عبادت کرتے ہیں وہ سب غیر خدا کی ❑

۳. وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ

الف ۔ اور نہیں ہے تمھارے لئے خدا کے علاوہ کوئی سرپرست اور نہ مددگار ❑

ب ۔ اور جو بھی تمھارے لئے غیر خدا ہے، تمہارا سرپرست و مددگار ہے ❑

srhrizvi110@gmail.com

۴. وَ اللّٰهُ وٰسِعٌ عَلِيْمٌ

الف ۔ اور خدا وسعت دیتا ہے اپنے علم کو ☐

ب ۔ اور خدا (کا رحم و کرم) وسیع ہے اور (وہ) دانا ہے ☐

۵. ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

الف ۔ پھر اس کی طرف تم سب پلٹائے جاؤ گے ☐

ب ۔ پھر اس کی طرف لوگ پلٹیں گے ☐



محترم متعلّمین قرآن!

قرآن کی عبارتوں کے ترجمہ میں مہارت، لفظ بلفظ (تحت اللفظی) ترجمہ سے شروع ہوتی ہے، لہٰذا آپ بھی قرآن کی آیتوں کا لفظ بلفظ ترجمہ کریں۔

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۳): گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے۔

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	
۲	اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ	
۳	وَ یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	
۴	قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ	
۵	رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ	
۶	یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ	
۷	یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ	
۸	وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ	
۹	یُؤْتِیْ مُلْكَهٗ مَنْ یَّشَآءُ	
۱۰	وَ اللّٰهُ وٰسِعٌ عَلِیْمٌ	
۱۱	وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	
۱۲	وَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ	
۱۳	قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ	
۱۴	ثُمَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ	

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۴): دئے ھوئے الفاظ اور آیتوں کے معانی کو مد نظر رکھتے ھوئے خالی جگھوں کو پُر کیجئے .

اَللّٰهِ الَّذِی ـ کُلِّ شَیءٍ شَهِیدٌ ـ اَلْحَمْدُ فِی الْآخِرَةِ ـ یُحْیِ وَ یُمِیتُ ـ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیمُ

۱. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی لَهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ لَهُ .....وَ هُوَ الْحَکِیمُ الْخَبِیرُ (سبا/ ۱)

تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس کے لئے ہے جو کچھ بھی آسمانوں میں اور جو کچھ بھی زمین میں ہے اور اس کے لئے ہیں تمام تعریفیں آخرت میں اور وہ حکمت والا اور باخبر ہے۔

۲. لَهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ ..... (شوریٰ/ ۴)

اس کے لئے ہے جو کچھ بھی آسمانوں میں اور جو کچھ بھی زمین میں ہے اور وہ برتر بزرگ ہے۔

۳. صِرٰطِ .....لَهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ (شوریٰ/ ۵۳)

اس خدا کا راستہ جس کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے

۴. لَهُ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ .....وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ (حدید/ ۲)

اس کے لئے ہے فرمانروائی آسمانوں کی اور زمین کی، وہ زندہ ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۵. اَلَّذِیْ لَهُ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اللّٰهُ عَلٰی ..... (بروج/ ۹)

جس کے لئے ہے فرمانروائی آسمانوں کی اور زمین کی اور خدا ہر چیز پر گواہ ہے۔

مشق نمبر(۵): اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی آیات کے ترجمہ کی موقع ھے۔ ھر آیت کو ایك بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

srhizvi110@gmail.com

قرآن کی زبان

مذکر اور مؤنث

گزشتہ سبق میں آپ یہ سیکھ چکے ہیں کہ "اسم" وہ لفظ ہے جو کسی شخص، یا کسی چیز (شے) کا نام رکھنے کے کام آتے ہیں، یا دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ یہ الفاظ کسی شخص یا کسی چیز کا نام بتاتے ہیں۔

یہاں "اسم" کی قسموں سے آشنائی کے لئے، ذیل میں دو طرح کے اسموں پر توجہ کریں:

۱۔ مُؤمِن: (ایمان لانے والا)، حَسَن: (اچھا)، صَالِح: (نیک مرد)، کَافِر: (کافر مرد)، اَسَد: شیر

۲۔ مُؤمِنَة: (ایمان لانے والی)، حَسَنة: (اچھی)، صَالِحَة: (نیک عورت)، کَافِرَة: (کافر عورت)، نَعْجَة: گائے

پہلے گروہ کے الفاظ انسان یا حیوان کے "نر" کے لئے استعمال ہوئے ہیں، اسم کے اس گروہ کو "اسم مذکّر" کہتے ہیں۔ دوسرے گروہ کے الفاظ، انسان یا حیوان کی "مادہ" کے لئے استعمال ہوئے ہیں، ان اسموں کو "اسم مؤنّث" کہتے ہیں۔

بہت سے اسم مؤنث، اسم مذکر کے آخر میں "ة" کو بڑھانے سے بن جاتے ہیں جیسے:

مُؤمِن + ة = مُؤمِنَة

مُسْلِم + ة = مُسْلِمَة

srhrizvi110@gmail.com



توجہ

ذیل کے اسماء پر غور کریں جو مختلف چیزوں پر دلالت کرتے ہیں:

حَجَر (پتھر)، شَمْس (سورج)، قَمَر (چاند)، فَاکِهَة (پھل)، عَیْن (آنکھ، چشمہ)

یہ اسماء کسی انسان یا حیوان پر دلالت نہیں کرتے اور ان کو نر یا مادہ نہیں کہا جا سکتا، لیکن عربی زبان کے اندر ان میں سے کچھ کو مذکر اور کچھ کو مؤنث فرض کیا گیا ہے۔ مثلاً شَمْس کو مؤنث اور قَمَر کو مذکر مانتے ہیں۔

اور یہ اردو میں بھی ہوتا ہے مثلاً اردو میں ''بادل'' مذکر ہے اور ''ہوا'' مؤنث ہے جب کہ ان دونوں میں سے کوئی بھی نہ تو کسی انسان یا حیوان پر دلالت کرتا ہے اور نہ ہی ان کو ''نر'' یا ''مادہ'' کہا جا سکتا ہے۔

۱۔ نیچے کے نقشے میں مذکر اور مؤنث کو معین کیجئے:

اسم	مذکر	مونث
اَلصِّراط		
اَلْآخِرَة		
اَلصَّلَاة		
عَظِیم		
اَلْحِجَارَة		
اَلْعِجْل		
اَلرَّسُول		
اَلسَّارِقَة		
مُشْرِكَة		

srhrizvi110@gmail.com

۲۔ نیچے کے اسم مؤنث کو مذکر میں تبدیل کیجئے:

اسم مونث	مزکر
اَلْحَافِظَة	الحافظ
الْمُتَصَدِّقَة	
اَلْمُسْلِمَة	
اَلصَّالِحَة	
اَلْقَانِتَة	
اَلصَّائِمَة	
اَلذَّاكِرَة	
اَلصَّابِرَة	

srhrizvi110@gmail.com

اہم بات

متعلّمین قرآن!

اب جب کہ آپ قرآن کے ۶۲ فیصد سے زائد الفاظ کا ترجمہ کر سکتے ہیں، بہتر ہے کہ زبان قرآن کی طرف زیادہ توجہ دیں اور اس کی مشقوں کو اہمیت دیں۔ کوشش کریں کہ اپنے کسی دوست یا گھر کی کسی فرد سے اس حصہ کا حتماً مباحثہ کریں۔ اس طرح قرآن کی آسان آیتوں کے ترجمہ کے سلسلہ میں آپ کی توانائی کئی گنا ہو جائے گی۔

اللہ کی مالکیت اور حکمرانی

ہم کتاب کے پہلے حصہ میں خدا کی صفت "مالکیت" سے آشنا ہوئے۔ اس سبق میں اس سلسلہ کی کچھ آیتوں کو پیش کیا گیا ہے؛ مثلا "وَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" "اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ"

کائنات کا خدا کے زیر فرماں ہونا: ایک طرف خدا ہر چیز کا مالک ومختار ہے اور دوسری طرف تمام کائنات اس کے زیر حکومت اور تحت فرماں بھی ہے "اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ" "وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا"


موت وحیات اس کے ہاتھ میں: وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے "يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ" شفاعت، خدا کا حق ہے اور اس کی اجازت کے بغیر کوئی بھی گنہگاروں کی شفاعت نہیں کرسکتا "قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا"

کائنات کی حکمرانی کرنے والا خدا جسے چاہتا ہے حکمرانی عطا کرتا ہے "وَاللّٰهُ يُؤْتِیْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ" اور چونکہ وہ کائنات کا فرمانروا وحاکم ہے اس لئے انسانوں کے لئے قانون وشریعت بھی اسی کی طرف سے ہونا چاہئے "وَ لَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا"

خدا کی ولایت وسرپرستی کو تسلیم کرنا: خدا کی مالکیت وحکمرانی کا عقیدہ ہمیں اس معبود حکیم وتوانا کی ولایت وسرپرستی کو تسلیم کرنے کی دعوت دیتا ہے اور یقیناً آخر کار ہم فکر وتدبر اور غور وخوض

srhrizvi110@gmail.com

کے بعد اسی نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اس کے علاوہ کوئی سرپرست اور مددگار نہیں ہے "وَ مَا لَكُم مِّن دُونِ اللّٰهِ مِن وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيرٍ"



توجہ

اختیاری مشق سے پہلے ایک بات بتانا ضروری ہے کہ چونکہ قرآن کے متعلّمین اختیاری طور پر اور مزید مہارت کے لئے یہ مشق کرتے ہیں لہٰذا مانوس الفاظ کے معانی لکھنا اس حصہ میں ضروری نہیں ہے۔ لہٰذا اس کے بعد آیت میں ہی، مانوس الفاظ کے نیچے صرف ایک لائن کھینچی جائے گی۔



srhrizvi110@gmail.com



اختیاری مشق

دیے گئے الفاظ اور معانی سے استفادہ کرتے ہوئے قرآنی عبارت کا ترجمہ کریں۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. وَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ لَقَدْ وَصَّیْنَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ اِیَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ..... (نساء/ ۱۳۱)	اُوْتُوا : ان سب کو دیا گیا وَصَّیْنَا : ہم نے نصیحت کی، ہم نے وصیت کی اِیَّاكُمْ : تم سب کو
۲. وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ ..... (بنی اسرائیل/ ۱۱۱)	لَمْ یَتَّخِذ : اس نے نہیں لیا، نہیں بنایا وَلَد : بیٹا، فرزند لَمْ یَكُن : نہیں ہے، نہیں تھا
۳. وَ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ ..... (انبیاء/ ۱۹)	یَسْتَكْبِرُوْنَ : وہ سب تکبر کرتے ہیں، اکڑتے ہیں
۴. تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ..... (فرقان/ ۱)	تَبٰرَكَ : وہ بابرکت ہے، وہ مبارک ہے یَكُوْنَ : وہ ہو، وہ رہے

sihrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۵. اَلَّذِی لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ..... (فرقان/۲)	
۶. وَ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ..... (روم/۲۶)	قَانِتُوْنَ : فرمانبردار، تابع (جمع)
۷. وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ..... (فتح/۱۴)	یَغْفِرُ : وہ مغفرت کرتا ہے، وہ معاف کرتا ہے یُعَذِّبُ : وہ عذاب کرتا ہے، تکلیف پہنچاتا ہے
۸. هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ ..... (حشر/۲۳)	قُدُّوس : انتہائی پاک السَّلَامُ : بے عیب، بے نقص، سالم الْمُؤْمِنُ : امن قائم کرنے والا مُهَیْمِنُ : محافظ، حفاظت کرنے والا
۹. یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ..... (جمعہ/۱)	یُسَبِّحُ : وہ تسبیح کرتا ہے
۱۰. یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ..... (تغابن/۱)	

srhizvi110@gmail.com

چودھواں سبق

اللہ کی ہدایت

نیچے لکھی ہوئی قرآن کی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھیے:

۱. یُضِلُّ بِهٖ كَثِیْرًا وَّ یَهْدِیْ بِهٖ كَثِیْرًا وَّ مَا یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ

..... (بقرہ ۲۶)

۲. قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

..... (بقرہ/ ۱۴۲)

۳. اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ

..... (انعام/ ۸۲)

۴. ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

..... (انعام/ ۸۸)

۵. قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَّ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ

..... (انعام/ ۱۶۱)

۶. اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِیْمَانِهِمْ

..... (یونس/ ۹)

۷. مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا

..... (کہف/ ۱۷)

srhrizvi110@gmail.com

۸. قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی

..... (طٰہٰ/ ۵۰)

۹. وَ الَّذِیْنَ جٰهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ

..... (عنکبوت/ ۶۹)

۱۰. وَ مَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ وَ اللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

..... (تغابن/ ۱۱)



۱۔ آیت نمبر "۱" میں: "ما" حرف نفی ہے۔
۲۔ آیت نمبر "۷" میں: "یَهْدِ" اصل میں "یَهْدِی" تھا بعد میں "ی" حذف ہوگئی۔
۳۔ آیت نمبر "۹" میں: "نَهْدِیَنَّ" اصل میں "نَهْدِی+نَّ" ہے۔ "نَّ" تاکید کے لئے آیا ہے اور "ضرور" کے معنی دیتا ہے۔

srhrizvi110@gmail.com



مانوس الفاظ
اور نئے الفاظ

مانوس اور نئے الفاظ پڑھیے اور انھیں ذہن نشین کر لیجیے۔ پھر الفاظ اور ان کے معانی کو گھر کا کوئی فرد یا آپ کا دوست آپ سے پوچھے تا کہ آپ کو اطمینان ہو جائے کہ آپ الفاظ کے معانی جانتے ہیں۔

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
اَمْن	امن	مُشْرِکُوْنَ - مُشْرِکِیْنَ	مشرکین، خدا کا شریک ماننے والے
اِیمَان	ایمان	اَعْطٰی	اس نے عطا کیا
ظُلْم	ظلم، ستم	(لَنْ) تَجِدَ	تم (ہرگز نہیں) پاؤ گے
قَلْب	دل	جَاھَدُوا	ان سب نے جہاد کیا، ان سب نے کوشش کی
مُرْشِد	مربی، راستہ دکھانے والا		
مَشْرِق	مشرق		
مَغْرِب	مغرب	صَالِحَات	اچھے کام، اچھے اعمال (جمع مؤنث)
کَثِیر۔ کَثِیْرَة	کثیر، زیادہ، بہت سے	عَمِلُوا	ان سب نے انجام دیا
		قِیَماً	پائدار
		لَمْ یَلْبِسُوا	ان سب نے آلودہ نہیں کیا
		مُحْسِنِیْنَ - مُحْسِنُوْنَ	اچھے لوگ، نیک لوگ

srrizvi110@gmail.com

مانوس الفاظ	معنی	نئے الفاظ	معنی
		مُهْتَدٍ (مُهْتَدِی)	ہدایت یافتہ
		مُهْتَدُونَ - مُهْتَدِينَ	ہدایت یافتہ لوگ، ہدایت پانے والے
		نَهْدِی	ہم ہدایت کریں گے
		هَدٰی	اس نے ہدایت کی
		يُضِلُّ - يُضْلِلُ	وہ گمراہ کرتا ہے، وہ گمراہ کرے
		يُؤْمِنُ	وہ ایمان لاتا ہے، وہ ایمان رکھتا ہے

srhrizvi110@gmail.com

توجہ

"لَنْ"، مستقبل کے زمانے سے متعلق ہوتا ہے اور مستقبل میں فعل کے انجام کی نفی کرتا ہے، جیسا کہ آیت نمبر "۷" میں "لَنْ" آیا ہے۔



مشق و سوالات

مشق (۱): صحیح جواب پر نشان لگائیے .

الف: لفظ کے اعتبار سے کونسا معنی صحیح ھے ؟

۱. مُحْسِنِینَ ۔ مُشْرِکِینَ ۔ مُهْتَدُونَ :

الف ۔ نیک لوگ ۔ مشرکین ۔ ہدایت دینے والے ❑

ب ۔ نیک لوگ ۔ مشرکین ۔ ہدایت پانے والے ❑

۲. جَاهَدُوا ۔ اَعْطَیٰ ۔ مُرْشِد :

الف ۔ ان سب نے کوشش کی ۔ اس نے عطا کیا ۔ راستہ دکھانے والا ❑

ب ۔ ان سب نے جہاد کیا ۔ وہ عطا کرتا ہے ۔ آقا ❑

۳. یُؤْمِنُ ۔ نَهْدِی ۔ تَجِدُ :

الف ۔ وہ ایمان لاتا ہے ۔ ہم ہدایت کرتے ہیں ۔ تم پاؤ گے ❑

ب ۔ وہ ایمان لایا ۔ ہم نے ہدایت کی ۔ اس نے پایا ❑

۴. هَدَیٰ ۔ یُضِلُّ ۔ لَمْ یَلْبِسُوا :

الف ۔ ہدایت ۔ وہ گمراہ ہوا ۔ وہ آلودہ نہ کریں ❑

ب ۔ اس نے ہدایت کی ۔ وہ گمراہ کرتا ہے ۔ انھوں نے آلودہ نہیں کیا ❑

۵. قِیَمًا ۔ عَمِلُوا ۔ صَالِحَات :

الف ۔ پائدار ۔ تم سب انجام دو ۔ اچھے کام ❑

ب ۔ پائدار ۔ ان سب نے انجام دیا ۔ اچھے کام ❑

srhrizvi110@gmail.com

ب: معنی کے اعتبار سے کونسی عبارت صحیح ھے ؟

۱. جس کو ہدایت کرے خدا پس وہ ہدایت یافتہ ہے :

الف۔ ذٰلِکَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ❑

ب۔ مَنْ يَهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ❑

۲. جو شخص ایمان لائے خدا پر، ہدایت کرے گا (خدا) اس کے دل کو :

الف ۔ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيْمٰنِهِمْ ❑

ب ۔ مَن يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ❑

۳. جن لوگوں نے ہمارے (راستے) میں کوشش کی حتماً ہم ہدایت کریں گے ان کو اپنے راستوں کی :

الف ۔ اَلَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ❑

ب ۔ اِنَّنِى هَدٰنِىْ رَبِّىْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ❑

۴. اور جس کو (خدا) گمراہ کرے پس تم ہرگز نہیں پاؤ گے اس کے لئے کوئی سرپرست راستہ دکھانے والا :

الف ۔ وَمَن يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ❑

ب ۔ وَ مَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ❑

۵. وہ گمراہ کرتا ہے (خدا) اس کے ذریعہ بہت سوں کو اور وہ ہدایت کرتا ہے اس کے ذریعہ بہت سوں کی :

الف ۔ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ ❑

ب ۔ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّ يَهْدِىْ بِهٖ كَثِيْرًا ❑

sibrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۲): عبارت کے صحیح ترجمہ پر نشان لگائیے.

۱. قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰنِیْ رَبِّیْ

الف۔ کہہ دو کہ یقیناً میں (وہ ہوں کہ) ہدایت کی ہے میری میرے پروردگار نے ❑

ب۔ کہہ دو کہ یقیناً میری ہدایت خدا کی طرف سے ہے ❑

۲. اُولٰٓئِکَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَ هُم مُّهْتَدُوْنَ

الف۔ ان سب لوگوں کے لئے امن وامان ہے اور وہ خود ہدایت یافتہ ہیں ❑

ب۔ یہ سب امانت دار ہیں اور ہدایت کرنے والے ہیں ❑

۳. دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا

الف۔ پائدار دینداری صرف ابراہیمؑ کا حق پسند آئین ہے ❑

ب۔ پائدار دین (جو کہ) حق پسند ابراہیمؑ کا دین (ہے) ❑

۴. اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی

الف۔ اس نے عطا کی ہر چیز کو اس کی خلقت پھر ہدایت دی ❑

ب۔ عطا کیا ہر چیز کو پھر اس کو ہدایت یافتہ خلق کیا ❑

۵. وَ مَا یُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ

الف۔ اور گمراہ نہیں ہوتے مگر فاسقین ❑

ب۔ اور وہ گمراہ نہیں کرتا اس کے ذریعہ مگر فاسقین کو ❑

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۳): گزشتہ پڑھے ہوئے معانی کو ذھن نشین کرکے مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے.

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	ذٰلِکَ هُدَی اللّٰهِ	
۲	یَهْدِی بِهٖ مَن یَّشَآءُ	
۳	قَالَ رَبُّنَا الَّذِی	
۴	مَن یَّهْدِ اللّٰهُ	
۵	قُل لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ	
۶	وَ مَن یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ	
۷	وَ اللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ	
۸	یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِیْمَانِهِمْ	
۹	وَ لَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ	
۱۰	اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ	
۱۱	قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰنِیْ رَبِّیْ	
۱۲	اُولٰٓئِکَ لَهُمُ الْاَمْنُ	
۱۳	یُضِلُّ بِهٖ کَثِیْرًا	
۱۴	فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا	

srhrizvi110@gmail.com

مشق نمبر(۴): دئے گئے الفاظ اور آیتوں کے ترجمہ کو مد نظر رکھ کر خالی جگہ پر کریں.

مَن یَّشَآءُ ـ خَلْقَهٗ ـ سُبُلَنَا ـ عَمِلُوْا ـ اِلٰی صِرَاطٍ

۱. اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ.....ثُمَّ هَدٰی

اس نے عطا کی ہر چیز کو اس کی خلقت، پھر ہدایت دی۔

۲. یَهْدِیْ ..... اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

وہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔

۳. اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ..... الصّٰلِحٰتِ

یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور انجام دئے اچھے کام۔

۴. وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ .....

اور جنھوں نے ہمارے (راستہ) میں کوشش کی حتماً ہم ہدایت کریں گے ان کو اپنے راستوں کی۔

۵. قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰنِیْ رَبِّیْ ..... مُّسْتَقِیْمٍ

کہہ دو یقیناً میں (وہ ہوں کہ) ہدایت کی مجھے میرے پروردگار نے سیدھے راستے کی طرف۔

مشق نمبر(۵): اب سبق کے شروع میں دی گئی قرآنی آیتوں کو ایک بار غور سے پڑھئے اور پھر لفظ بلفظ ترجمہ کیجئے۔

srhizvi110@gmail.com

قرآن کی زبان

واحد، تثنیہ، جمع

اردو کے مندرجہ ذیل الفاظ پر غور کریں:

کتاب، تتلی، پرندہ، گھٹا

جب ہم کہتے ہیں ''کتاب''، یعنی ایک کتاب اور جب کہتے ہیں ''تتلی''، یعنی ایک تتلی؛ اسی طرح جب ''پرندہ'' کہتے ہیں تو اس لفظ سے ایک پرندہ مراد ہوتا ہے؛ اس طرح کے الفاظ جو ''ایک فرد'' یا ''ایک چیز'' پر دلالت کرتے ہیں انھیں ''واحد'' کہا جاتا ہے۔

لیکن اگر ہمارے پیش نظر ایک سے زیادہ افراد یا چیزیں ہوں مثلاً بہت سی کتابیں پیش نظر ہوں تو ہم ان الفاظ کے آخر میں ''وں'' یا ''یں'' یا ''اں'' یا ''ے'' کا اضافہ کرتے ہیں مثلاً:

☆ کتاب : کتابوں، کتابیں

☆ تتلی : تتلیوں، تتلیاں

☆ پرندہ : پرندوں، پرندے

☆ گھٹا : گھٹاؤں، گھٹائیں

مذکورہ الفاظ کو ''جمع'' کہتے ہیں، چونکہ یہ ایک سے زیادہ پر دلالت کرتے ہیں۔

srhrizvi110@gmail.com

اب آپ عربی کے مندرجہ ذیل الفاظ پر توجہ کریں:

☆ مُؤمِن (ایک باایمان شخص)　　☆ کَافِر (ایک کافر شخص)

مذکورہ الفاظ کو عربی میں واحد کہتے ہیں۔

اب اگر ہمیں کو ایک سے زیادہ باایمان یا ایک سے زیادہ کافر افراد کہنا ہو تو عربی میں اس کے لئے کیا کرنا پڑے گا؟

جواب: عربی زبان میں دو افراد کے لئے الگ طریقہ ہے اور تین یا اس سے زیادہ کے لئے الگ؛ اور جو لفظ دو پر دلالت کرتا ہے اسے ''تثنیہ'' اور جو تین یا تین سے زیادہ پر دلالت کرتا ہے اسے ''جمع'' کہتے ہیں مثلاً:

☆ مُؤمِنَانِ (دو باایمان فرد)　　☆ مُؤمِنُونَ (تین یا تین سے زیادہ باایمان افراد)

تثنیہ بنانے کا طریقہ

مُؤمِن:

+ انِ = مُؤمِنَانِ

+ ینِ = مُؤمِنِینَ

کَافِر:

+ انِ = کَافِرَانِ

+ ینِ = کَافِرِینَ

آپ نے ملاحظہ کیا کہ ''انِ'' اور ''یـــنِ'' کو واحد کے آخر میں اضافہ کرنے سے تثنیہ بنایا جاسکتا ہے۔ البتہ ضروری ہے کہ ''یْنِ'' سے پہلے والے حرف کو مفتوح کریں یعنی اس پر زبر لگائیں۔

☆ **جمع بنانے کا طریقہ بعد کے سبق میں آئے گا۔**

srhrizvi110@gmail.com

مشق: ذیل کے "واحد" الفاظ کو تثنیہ میں تبدیل کیجئے اور ان کے خانہ میں لکھئے.

نمبرشمار	عبارت	ترجمہ
۱	وَالِد	وَالِدَانِ - وَالِدَيْنِ
۲	شَهِيد	
۳	مُؤْمِن	
۴	نَجْد	
۵	عَيْن	
٦	قَلْب	
۷	يَدْ	
۸	مُسْلِم	

srhrizvi110@gmail.com

اللہ کی ہدایت

خدا کی عام ھدایت

خدا نے پہلے کائنات کے موجودات من جملہ انسان کو پیدا کیا، اس کے بعد ان کو اپنی تدبیر اور عام ہدایت کے زیر سایہ قرار دیا "رَبُّنَا الَّذِیْ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی"۔ اس بنیاد پر دنیا کے تمام انسان چاہے وہ مسلمان ہوں یا کافر، وہ سب انسانی فطرت کے ذریعے یا پیغمبروں کے ذریعے خدا کی عام ہدایت و رہنمائی سے بہرہ مند ہیں۔

خدا نے سیدھے راستے کی طرف انسان کی ہدایت کی ہے یعنی ایسے راستہ کی طرف جو انسان کی کامیابی اور سعادت کی طرف جاتا ہے "ذٰلِکَ هُدَی اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ"۔ جو خدا کی ہدایت کے زیر نگاہ ہو، درحقیقت وہی ہدایت یافتہ ہے اور خدا کی راہ مستقیم کے علاوہ ہر راستہ ضلالت و گمراہی ہے "مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا"۔

خدا کی خاص ھدایت اور اس کے شرائط

خدا کی خاص ہدایت کے حصول کے لئے سب سے پہلے اس کی راہ میں قدم اٹھانا چاہئے۔ اس مرحلہ کی پہلی شرط، قلبی عقیدہ یعنی ایمان اور خدا پر بھروسہ ہے "وَ مَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ وَ اللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ" اور جس ایمان کے ساتھ اچھا عمل بھی ہو وہ حقیقی سعادت تک پہنچنے کے لئے الٰہی ہدایت کا مستحق ہو جاتا ہے "اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِیْمَانِهِمْ"

جو شخص چاہتا ہے کہ خدائے مہربان اس کے ہاتھ کو تھام لے اور اسے حقیقی سعادت تک پہنچا دے اسے چاہئے کہ خدا کی راہ میں کوشش اور مجاہدت کرے۔ خدا نے ایسے مجاہدوں کے لئے اپنی خاص ہدایت کا وعدہ کیا ہے اور ان کو حقیقی "نیک لوگ" کہا ہے "وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ"

srhizvi110@gmail.com

ھدایت کے راستہ میں ظلم کا رکاوٹ بننا

الٰہی ہدایت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ظلم ہے اور کسی کو خدا کا شریک ماننا سب سے بڑا ظلم ہے۔ اسی وجہ سے خداوند عالم اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہتا ہے : کہہ دو کہ خدا نے مجھے سیدھے راستے اور پائدار دین کی ہدایت فرمائی ہے، وہ راستہ جسے حضرت ابراہیمؑ نے حق پرستی اور شرک سے دوری کے ساتھ اپنایا" قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰنِیْ رَبِّیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ"

ایک اور آیت میں خدا فرماتا ہے: جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو ظلم (یعنی شرک) سے آلودہ نہیں کیا وہ حقیقی امن وامان تک پہنچ گئے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں" اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ"

جو بھی خدا کی نافرمانی کے ذریعہ خود کو اس کی عام نعمتوں سے محروم کرلے اور پیغمبروں کے فرمان سے منہ موڑے، وہ خدا کی خاص ہدایت سے محروم ہو جائے گا۔ خدا بھی اسے اس کے حال پر چھوڑ دے گا اور وہ گمراہی کی دلدل میں دھنستا چلا جائے گا" یُضِلُّ بِهٖ كَثِیْرًا وَّ یَهْدِیْ بِهٖ كَثِیْرًا وَّ مَا یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ"

srhrizvi10@gmail.com



اختیاری مشق

طلاب عزیز! اختیاری مشق دراصل دوسری مشق کی تکمیل کرتی ہے۔

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۱. فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ..... (بقرہ/ ۳۸)	تَبِعَ : اس نے پیروی کی یَحْزَنُوْنَ : وہ سب غمزدہ ہوتے ہیں
۲. وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ..... (بقرہ/ ۳۹)	کَذَّبُوا : ان سب نے جھٹلایا نَّارِ : آگ (دوزخ)
۳. قُلْ اِنَّ هُدَی اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰی وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآئَهُمْ بَعْدَالَّذِیْ جَآئَکَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَکَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیْرٍ .... (بقرہ/ ۱۲۰)	اِتَّبَعْتَ : تم نے پیروی کی اَهْوَاء : خواہشات، دل کی ہوس
۴. وَلٰکِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّکَ لَتَهْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ..... (شوریٰ/ ۵۲)	نَشَاءُ : ہم چاہتے ہیں تَهْدِیْ : تم ہدایت کرتے ہو

srhrizvi110@gmail.com

قرآنی آیتیں اور عبارتیں	مانوس اور نئے الفاظ
۵. صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ..... (شوریٰ / ۵۳)	تَصِیرُ : وہ پلٹتی ہے، (وہ پلٹتے ہیں)
۶. سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَی ۞ الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ۞ وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ..... (اعلی / ۱ - ۳)	اَعْلیٰ : بلند، بالا، برتر سَوّیٰ : اس نے درست کیا قَدَّرَ : اس نے اندازہ مقرر کیا، اس نے معین کیا

srhrizvi110@gmail.com

پندرھواں سبق

اللہ کی ولایت

